Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم
جلد 14 جمعۃ المبارک، 09 جون 2023ء، 19 ذیقعد 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 54

سب لوگوں کا شکر گزار ہوں آج ایک نئی سیاسی جماعت "استحکام پاکستان پارٹی " کی بنیاد رکھ رہے ہیں، نئی جماعت کے پیٹرن انچیف جہانگیر ترین

9 مئی کے شرپسندوں کو انجام تک پہنچانا ہوگا، جہانگیر ترین

نئی پارٹی کا اعلان کر دیا

جذبے کے تحت پی ٹی آئی میں شامل ہوا تھا، اس کو مضبوط سیاسی قوت بنانے کیلئے دن رات جدو جہد کی، 2013 کے الیکشن کے بعد ہم نے پارٹی میں جوش وجذبہ پیدا کیا

جہانگیر ترین نے کہا ہے کہ گزشتہ چند سال کے واقعات نے معیشت، سیاست کو شدید نقصان پہنچایا ہے، موجودہ صورتحال میں عوام کی امیدیں دم توڑ رہی ہیں، اسی لیے ہم آج یہاں اکٹھے ہوئے ہیں

لاہور(خبر نگار) جہانگیر ترین نے نئی سیاسی جماعت "استحکام پاکستان پارٹی " کا اعلان کردیا، اس موقع پر عبدالعلیم خان، عمران اسماعیل اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نئی جماعت کے پیٹرن انچیف جہانگیر ترین نے کہا ہے کہ سب لوگوں کا شکر گزار ہوں آج ایک نئی سیاسی جماعت "استحکام پاکستان پارٹی " کی بنیاد رکھ رہے ہیں، سیاست میں آنے سے لے کر اب تک ایک ہی مقصد رہا ہے کہ ملک کی ترقی میں کردار ادا کروں، اس دوران بہت سارے لوگوں سے ملا ہوں، سب کے تجربات سے بہت کچھ سیکھا ہے، میں روایتی سیاست دان نہیں ہوں۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ جذبے کے تحت پی ٹی آئی میں شامل ہوا تھا، اس کو مضبوط سیاسی قوت بنانے کیلئے دن رات جدو جہد کی، 2013 کے الیکشن کے بعد ہم نے پارٹی میں جوش وجذبہ پیدا کیا، آنے والے دنوں میں سب کو اندازہ ہوجائے گا ہم نے کس حد تک پارٹی کو مضبوط کیا، تحریک انصاف کو مضبوط بنانے میں اس لیے کردار ادا کیا تا کہ ملک میں اصلاحات لائی جا سکیں بد قسمتی سے ایسا نہ ہوسکا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ معاملات ویسے نہ چل سکے جیسے ہم چاہتے تھے، لوگ ہم سے بددل ہونا شروع ہو گئے، پی ٹی آئی کا منشور کچھ اور تھا، پی ٹی آئی احتساب کا نعرہ لگا کر وجود میں آئی تھی، نو مئی کے واقعات نے پاکستان کی سیاست کو تبدیل کر کے رکھ دیا، اگر نو مئی کے شرپسندوں کو انجام تک نہ پہنچایا تو کل پھر (بقیہ نمبر1)

خدیجہ شاہ کیس، امریکی سفارتخانے کی درخواست وزارت داخلہ کو بھیج دی، دفتر خارجہ

خدیجہ شاہ کی دہری شہریت کی وجہ سے امریکی سفارتخانے نے قونصلر رسائی کی درخواست کی جو وزارت داخلہ کو بھجوادی گئی ہے

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ خدیجہ شاہ کیس میں امریکی سفارتخانے کی قونصلر رسائی کی درخواست وزارت داخلہ کو بھیج دی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے میڈیا بریفنگ میں کہا کہ خدیجہ شاہ کی دہری شہریت کی وجہ سے امریکی سفارتخانے (بقیہ نمبر4)

پی ٹی آئی چھوڑ کر جانیوالوں کو سلام پیش کرتا ہوں، عطا تارڑ

پنجاب اسمبلی سے ہماری پارٹی کے صرف 5 لوگ چھوڑ کر گئے تھے، ہم نے کسی کو غدار نہیں کہا اور سب کو واپس لیا ہے

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) معاون خصوصی برائے داخلہ عطا تارڑ کا کہنا ہے کہ جولوگ پی ٹی آئی چھوڑ کر جا رہے ہیں ان کو سلام پیش کرتا ہوں، فواد چوہدری اور علی زیدی غداری کا لیبل اپنے اوپر لگانے کو تیار نہیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر3)

پاکستان کیلئے موجودہ حالات میں یہ بجٹ اہم ہے، ایسٹر پریز

پاکستان کو بجٹ پاس کرنے سے پہلے آئی ایم ایف بورڈ کے آخری جائزے کا سامنا کرنا پڑے گا

اسلام آباد(نامہ نگار) آئی ایم ایف کی پاکستان میں نمائندہ ایسٹر پریز کا کہنا ہے کہ پاکستان کیلئے موجودہ حالات میں یہ بجٹ اہم ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں آئی ایم ایف کی نمائندہ ایسٹر پریز نے غیر ملکی خبر رساں ایجنسی سے رابطہ کیا۔ ایسٹر پریز نے کہا (بقیہ نمبر2)

میں نے انتہائی مشکل حالات میں وزارت عظمی کا عہدہ سنبھالا تھا جب پاکستان دیوالیہ کے دہانے پر تھا کیونکہ اس وقت کی حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کی خلاف ورزی کی تھی

آئی ایم ایف کی شرائط پوری کر دیں

امید ہے اچھی خبریں ملیں گی، وزیراعظم

میں نے انتہائی مشکل حالات میں وزارت عظمی کا عہدہ سنبھالا تھا جب پاکستان دیوالیہ کے دہانے پر تھا کیونکہ اس وقت کی حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کی خلاف ورزی کی تھی

معیشت ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھی اور پھر سیلاب اور بارشوں سے بنیادی ڈھانچے اور بڑے پیمانے پر فصلوں کو نقصان ہوا، گزشتہ سال سیلاب سے لاکھوں لوگ متاثر ہوئے، ترکیہ نے بھرپور معاونت کی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی)وزیراعظم شہبازشریف کا کہنا ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ) آئی ایم ایف (کی تمام شرائط پوری کردیں، پرامید ہیں کہ تمام معاملات خوش اسلوبی سے طے پاجائیں گے اور اسی ماہ اچھی خبریں ملیں گی۔ وزیراعظم شہبازشریف نے ترک میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ترک صدر رجب طیب اردگان کو حالیہ انتخابات میں زبردست کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوں، ترکیہ کے عوام نے اپنی رائے کا اظہار کیا اور انہیں مزید 5 برس کے لیے مینڈیٹ دیا، پاکستان کے عوام بھی بہت خوش (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گریڈ ایک سے گریڈ16 تک تنخواہوں میں30 فیصد اضافے کا منصوبہ

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) وفاقی بجٹ میں حکومت کی جانب سے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 20 سے 30 فیصد تک اضافے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کا منصوبہ ہے (بقیہ نمبر 6)

سرکل گوجرخان، میں چوری ڈکیتی اور موٹر سائیکل لفٹنگ کے مختلف واقعات

ساڑھے لاکھ کے لگ بھگ نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل چوری مقدمات درج

گوجرخان(قمرشہزاد) تفصیلات کے مطابق سرکل گوجرخان کے تینوں تھانوں گوجرخان، مندرہ، جاتلی میں چوری، موٹر سائیکلز لفٹنگ کے مختلف واقعات میں شہری 11 لاکھ کے قریب نقدی، زیورات سمیت قیمتی اثاثوں اور 3 موٹر سائیکلز سے محروم سرکل پولیس نے تمام وارداتوں کے الگ الگ (بقیہ نمبر 7)

برآمدات میں کمی، جی ڈی پی گروتھ 0.29 فیصد رہی، وزیر خزانہ

2013 میں اقتدار سنبھالا تو 20، 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی تھی، یہ بڑا مشکل چیلنج والا سال تھا، وزیر خزانہ

رواں سال برآمدات میں 12.1 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، رواں مالی سال جی ڈی پی گروتھ 0.29 فیصد رہی

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے رواں مالی سال کا اقتصادی سروے پیش کرتے ہوئے کہا کہ رواں سال برآمدات میں 12.1 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، رواں مالی سال جی ڈی پی گروتھ 0.29 فیصد رہی۔ رواں مالی سال کا اقتصادی جائزہ پیش کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نگران وزیر اعلی کا دریائے نیلم میں ڈوبنے والے نوجوانوں کے لواحقین کیلئے مالی امداد کا اعلان

جاں بحق نوجوانوں کے ورثا کے غم میں برابر کے شریک ہیں، 8 نوجوانوں کا حادثے میں دنیا سے چلے جانا سانحہ سے کم نہیں

جاں بحق نوجوان اپنے خاندانوں کا سہارا تھے، پنجاب حکومت کی طرف سے مالی امداد آپ کے پیاروں کی جان کا نعم البدل نہیں

لاہور(خصوصی رپورٹر) نگران وزیر اعلی پنجاب نے دریائے نیلم میں جیپ گرنے سے جاں بحق ہونے والے 8 نوجوانوں کے لواحقین سے ملاقات کی، اس موقع پر محسن رضا نقوی نے 15، 15 لاکھ روپے مالی امداد کا اعلان کیا۔ محسن نقوی نے جاں بحق نوجوانوں غلام میراں، اظہر اشرف، عمیر (بقیہ نمبر 13)

چترال: مسافر وین کھائی میں جاگری، 6 افراد جاں بحق

3 خواتین اور 3 بچے جاں بحق ہوگئے جبکہ 19 افراد زخمی ہوگئے

چترال(نیوز رپورٹر) مسافر وین کھائی میں گرنے کے باعث خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق جبکہ 19 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق دیر سے لوئر چترال جانے والی ڈبل کیبن ڈاٹسن گاڑی چھانگول عشریت کے مقام پر کھائی میں جاگری جس کے سبب 3 خواتین اور 3 بچے جاں بحق ہوگئے جبکہ 19 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق گاڑی مین 25 افراد سوار تھے، لاشوں اور زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال دروش چترال پہنچا دیا گیا، چند زخمیوں کی حالت نازک ہے، جس کے سبب مرنے (بقیہ نمبر14)

سویلین کیسز ملٹری کورٹ میں چلانے کیلئے آئین کی تشریح کی ضرورت ہے، عدالت

مقدمات میں آرمی ایکٹ 1952 کے سیکشن 59 اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے سیکشن 3 کو شامل کیا گیا ہے

بعدازاں عدالت نے وکلا کو کہا کہ تیاری کریں 13 جون کو اس کیس کو دوبارہ سنیں گے اور کیس کی مزید سماعت 13 جون تک ملتوی کردی

پشاور(نامہ نگار) پشاور ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ سویلین کیسز ملٹری کورٹ میں چلانے کیلئے آئین کی تشریح کی ضرورت ہے۔ فوجی تنصیبات پر حملے میں ملوث ملزمان کے مقدمات فوجی عدالتوں میں چلانے کے خلاف پشاور ہائی کورٹ میں دائر درخواستوں پر سماعت ہوئی ہے۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ پر مشتمل 2 رکنی بنچ نے سویلین مقدمات فوجی عدالتوں میں چلانے کے خلاف درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس اشتیاق ابراہیم نے ریمارکس دیئے کہ آرمی آفیشل سیکرٹ ایکٹ میں تو کورٹ مارشل ہوتا ہے، سویلین کے کیسز آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت کیسے چلائے جاسکتے ہیں؟ ان مقدمات میں آئین کی تشریح کی ضرورت ہے، فریقین تیاری کرلیں، 13 جون کو کیس دوبارہ سنیں گے۔ وکیل درخواست گزار (بقیہ نمبر12)

عمران خان کیخلاف توشہ خانہ فوجداری کیس کی کارروائی روکنے کے حکم میں 14 جون تک توسیع

اسلام آباد(اسپیشل رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان کیخلاف توشہ خانہ فوجداری کیس کی کارروائی روکنے کے حکم میں توسیع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کیخلاف توشہ خانہ فوجداری کیس کی کارروائی سے متعلق سماعت ہوئی، عمران خان کی طرف سے وکیل خواجہ حارث اور الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز ایڈووکیٹ عدالت میں پیش (بقیہ نمبر11)

دلمی پولیس ناکے پر مشکوک موٹر سائیکل سواروں نے موٹر سائیکل پولیس پر چڑھادی

پولیس ملازم زخمی علاقے کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

گوجر خان(قمرشہزاد) تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوجرخان معمول کی سنیپ چیکنگ پر دلمی گلیانہ روڈ پر موجود تھی کہ گلیانہ سائیڈ سے آنے والے 3 مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے (بقیہ نمبر9)

پرویز الہی کو کرپشن کے مقدمے سے ڈسچارج کرنے کا اقدام چیلنج

سابق وزیر اعلی پنجاب کو مقدمے سے بری کرنے کا حکم قانون کے برعکس ہے، مؤقف

لاہور(خبر نگار) پرویز الہی کو کرپشن کے مقدمے سے ڈسچارج کرنے کا اقدام عدالت میں چیلنج کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیر اعلی پنجاب چوہدری پرویز الہی کو ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن سے متعلق کیس میں ڈسچارج کرنے کے حکم کیخلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی (بقیہ نمبر10)

وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان کی مینگورہ سوات میں پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی شدید مذمت

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان نے مینگورہ سوات میں پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس فورس نے ملک و قوم کی حفاظت (بقیہ نمبر15)

لاہور: 9 مئی کے شرپسندوں کو انجام تک پہنچانا ہوگا: جہانگیر ترین، نئی پارٹی کا اعلان کر دیا

وفاقی حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے بغیر بجٹ پیش کرے گی

ہسپتالوں میں بورڈ آف گورنر کو ختم کیا جائے گا، میڈیا مضبوط ہو تو حکومت مضبوط ہو گی، گورنر خیبر پختونخوا

میڈیا حکومت کی بات کو عوام تک پہنچانے کا بہترین ذریعہ ہے، اس شعبہ کو کبھی مشکلات میں نہیں چھوڑیں گے، غلام علی

ایبٹ آباد(نامہ نگار) گورنر خیبر پختونخوا غلام علی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے بغیر بجٹ پیش کرے گی، بجٹ میں غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے گا، پریس اور سیاستدانوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے، میڈیا مضبوط ہو تو حکومت مضبوط ہو گی، ملکی معیشت کی حالت بری ہے (بقیہ نمبر 18)

لاہور: نگران وزیر اعلی کا دریائے نیلم میں ڈوبنے والے نوجوانوں کے لواحقین کیلئے مالی امداد کا اعلان

ہماری پراپرٹی ٹیکس کی شرح جنوبی ایشیا میں سب سے کم ہے، بلال افضل

بلال افضل نے یقین دہانی کرائی کہ سٹاف کی کمی اور دیگر مسائل حل کرنے کے لیے ہر ممکن معاونت کروں گا

رواں سال 4 ارب 93 کروڑ روپے کا ہدف جبکہ تاحال 70 فیصد وصولی کی گئی، ڈائریکٹر ایکسائز نعمان شیخ

لاہور(سٹاف رپورٹر) نگران وزیر ایکسائز و مواصلات بلال افضل نے کہا ہے کہ ہماری پراپرٹی ٹیکس کی شرح جنوبی ایشیا میں سب سے کم ہے اس کے باوجود لوگ ٹیکس دینے سے کتراتے ہیں۔ وہ جمعرات کے روز اپنے دورہ فیصل آباد کے موقع پر فیصل آباد ڈویژن میں محکمہ ایکسائز کی کارکردگی (بقیہ نمبر16)

اسلام آباد: نوجوانوں، خواتین اور کسانوں کیلئے انقلابی پروگرام بجٹ میں شامل کرنے کی منظوری

عیدالاضحیٰ کے موقع پر بغیر رجسٹریشن کھالیں جمع کرنے پر پابندی ہوگی، ڈی سی مظفر گڑھ

مظفر گڑھ(نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ سلمان خان لودھی نے کہا ہے کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر بغیر رجسٹریشن قربانی کے جانوروں کی کھال جمع کرنے پر پابندی ہے، اگر کوئی فلاحی تنظیم (بقیہ نمبر 19)

منشیات کی فروخت کے خلاف علاقہ مکینوں کا احتجاج

شراب کی خرید وفروخت کی وجہ سے نوجوان نسل تباہ ہورہی ہے

ڈگری(رپورٹ محمد عاصم آرائیں) ٹنڈو جان محمد پولیس اسٹیشن کی حدود میں منشیات کی فروخت کے خلاف علاقہ مکینوں کا احتجاج تفصیلات کے مطابق دیھ 189 عبدالغنی جروار کے رہائشی جاوید جروار، سلیم جروار، وقار جروار، عاشق جروار اور نوجوان اتحاد نے پریس کلب ڈگری کے سامنے احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے کہا کہ ٹنڈو جان محمد پولیس اسٹیشن کی حدود میں دیھ 189 عبدالغنی جروار میں اور گردونواح میں شراب کی بھٹیاں کی قائم ہے اور ساتھ ہی انگلش شراب کی فروخت جاری ہے شراب کی خرید وفروخت کی وجہ سے نوجوان نسل تباہ ہورہی ہے اور ہمارے بچوں کا مستقبل خطرے میں ہے ہم نے (بقیہ نمبر17)

ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ میں قیدی مبینہ تشدد سے جاں بحق ورثاء کا شدید احتجاج

شیخوپورہ(اسپیشل رپورٹر) ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ میں قیدی مبینہ تشدد سے جاں بحق ورثاء کا شدید احتجاج ڈی ایچ کیو ہسپتال کی توڑ پھوڑ ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ لواحقین کے مطابق 26 سالہ مدثر منشیات کے مقدمہ میں جیل کاٹ (بقیہ نمبر 21)

اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف سے آر پی او، اور سی پی او راولپنڈی کی ملاقات

سرکل گوجرخان میں بڑھتی ہوئی چوری ڈکیتی کی وارداتوں کے حوالے سے استفسار

گوجرخان(قمرشہزاد) تفصیلات کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف سے آر پی او اور سی پی او راولپنڈی نے ملاقات کی ملاقات میں راولپنڈی خصوصا سرکل گوجرخان میں بڑھتی ہوئی چوری ڈکیتی کی وارداتوں اور امن وامان کی ناقص صورتحال پر استفسار کیا اور راولپنڈی گوجرخان میں سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اس موقع پر انھوں نے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی (بقیہ نمبر22)

بنیادی صحت کی دیکھ بھال، غذائیت، متعدی بیماریوں پر قابو پانے کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا، عبدالقادر پٹیل

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ پاک امریکا ہیلتھ ڈائیلاگ کے دوسرے دور میں آپ سب کا خیر مقدم کرنا میرے لئے بڑے اعزاز کی (بقیہ نمبر 23)

صدر عارف علوی کی نا اہلی کیلئے درخواست پر اعتراضات عائد

آرٹیکل 248 کے تحت صدر مملکت کو فریق نہیں بنایا جا سکتا

184 تھری کے استعمال سے متعلق اٹھائے گئے نکات تسلی بخش نہیں

اسلام آباد(یو این پی) عارف علوی کی نااہلی سے متعلق درخواست اعتراضات کے ساتھ واپس کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ رجسٹرار آفس نے صدر مملکت عارف علوی کی نا اہلی کیلئے دائر درخواست پر اعتراضات عائد کر دیئے ہیں۔ درخواست پر اعتراض عائد کیا گیا کہ (بقیہ نمبر24)

وزیر اعلی پنجاب انٹرنشپ پیڈ پروگرام کے تحت چیک تقسیم کرنے کی تقریب

طالبات نے چیک وصول کرنے پر وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا

لاہور(سٹاف رپورٹر) محکمہ تعلقات عامہ پنجاب کے لاہور ڈویژن آفس میں آج وزیر اعلی پنجاب انٹرنشپ پیڈ پروگرام 2023 کے تحت ضلع شیخوپورہ سے تعلق رکھنے والی طالبات رخسار (بقیہ نمبر20)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، زنیرہ اظفر

راولپنڈی(اسپیشل رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، (بقیہ نمبر 28)

تفتیش کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

راولپنڈی(نیوز رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر تفتیش کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد، ورکشاپ میں ماہر نفسیات ڈاکٹر عامر سہیل نے 30 تفتیشی افسران کو ذہنی دباؤ کو دور (بقیہ نمبر26)

محنتی اور میرٹ پسند پولیس فیسر علاقائی امن کا ضامن ہوتا ہے

اے ایس آئی سے سب انسپکٹر پرموٹ ہونے پر مختلف مکاتب فکر کی طرف سے مبارک باد

راولپنڈی(عبدالرحمان سے) محنتی اور میرٹ پسند پولیس فیسر علاقائی امن کا ضامن ہوتا ہے بہترین کارکردگی پر آئی جی پنجاب کی طرف سے اے ایس آئی سے سب انسپکٹر پرموٹ ہونے پر مختلف مکاتب فکر کی طرف سے مبارک باد سب انسپکٹر کسی بھی علاقہ کے امن کا ضامن ہوتا ہے ایماندار سب انسپکٹر عوام کے لئے نعمت سے کم نہیں ہوتا تفصیل کے مطابق محکمہ پولیس میں موجود محنتی اور میرٹ پسند پولیس افیسر نہ صرف محکمہ کا فخر ہوتے ہیں بلکہ عوام کے تحفظ کے ضامن ہوتے ہیں ایسے ہی فرض شناس سب انسپکٹر اصغر (بقیہ نمبر25)

CASS لاہور کی جانب سے آج ایک سیمینار کا انعقاد

سیمینار کا اہتمام پاکستان اور بھارت کے مابین دوطرفہ تعلقات میں موجودہ تعطل کے پس منظر میں کیا گیا

کشیدگی اور دشمنی کا ماحول نہ تو پاکستان کے مفاد میں ہے اور نہ ہی ہندوستان کو اس سے کوئی خاطر خواہ فائدہ ہوگا، قصوری صاحب

اسلام آباد: سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، لاہور کی جانب سے آج ایک سیمینار کا انعقاد کیا

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، لاہور کی جانب سے آج ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کا موضوع "منظم پاک بھارت تعلقات "تھا۔ اس سیمینار کا اہتمام پاکستان اور بھارت کے مابین دوطرفہ تعلقات میں موجودہ تعطل کے پس منظر میں کیا گیا۔ سیمینار میں پاکستان کے سابق وزیر خارجہ جناب خورشید محمود قصوری صاحب کا خطاب بھی شامل تھا۔ قصوری صاحب کو 2002 سے 2007 کے درمیانی عرصے میں پاک بھارت تعلقات کے موضوع پر انکے وسیع تجربہ کے باعث بھارتی امور کا ماہر سمجھا جاتا ہے۔ انکے خطاب کے بعد سوالات (بقیہ نمبر30)

پرویز خٹک نے علیحدہ سیاسی جماعت بنانے پر غور شروع کر دیا

صوبائی حقوق نئی سیاسی جماعت کے منشور میں سرِ فہرست ہے

پرویز خٹک نے 50 سے زائد سابق ارکانِ اسمبلی کی حمایت حاصل ہونے کا دعویٰ بھی کیا ہے

پشاور(خبر نگار) استحکام پاکستان پارٹی کا اعلان ہونے کے بعد ملکی سیاسی منظرنامے پر ایک اور جماعت بنانے پر غور شروع ہوگیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسلام آباد میں پرویز خٹک کی رہائش گاہ سیاسی سرگرمیوں کا مرکز بن گئی۔ سابق وفاقی وزیر اور سابق صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا پرویز خٹک نے علیحدہ سیاسی جماعت بنانے پر غور شروع کر دیا۔ پرویز خٹک کی جانب سے اب تک 50 سے زائد سابق ارکانِ اسمبلی کی حمایت حاصل ہونے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے۔ مزید سابق اراکین اسمبلی اور (بقیہ نمبر29)

نئے مالی سال کے وفاقی بجٹ میں معاشی استحکام لانے والی اصلاحات کی بنیاد رکھیں گے، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) وزیراعظم کے رابطہ کار برائے معیشت وتوانائی بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ نئے مالی سال کے وفاقی بجٹ میں ایسی اصلاحات کی بنیاد رکھیں گے جس سے ملک میں (بقیہ نمبر27)

اسلام آباد: وفاقی کابینہ کا خصوصی اجلاس کل وزیر اعظم ہاؤس میں ہوگا

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

نامعلوم آڈیو اور ویڈیو ثبوت نہیں

لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ نامعلوم ذرائع اور ملکیت کی حامل آڈیو اور ویڈیوز کو ملزم کے خلاف کارروائی کے لیے بطور ثبوت نہیں مانا جاسکتا۔ جسٹس شاہد جمیل خان نے نجی سکول میں جسمانی تشدد کے واقعے کی ویڈیو کلپ نشر کرنے کے خلاف درخواست پر عبوری حکم جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ جس شخص کے خلاف اِس طرح کی آڈیو اور ویڈیو لیک ہوئی ہے وہ ملزم نہیں بلکہ متاثرہ فریق ہے۔ انہوں نے الیکٹرانک کرائمنز ایکٹ) پیکا 2016 (کیے بدنیتی کے ساتھ غیر مجاز مداخلت سے متعلق سیکشن 19 کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بھی قرار دیا کہ رازداری کی خلاف ورزی ایک جرم) اعلیٰ درجے کا جرم (ہونا چاہیے اور اِس طرح کے مواد کو عام کرنا ریاست کے لیے فوجداری قوانین کے ساتھ ساتھ معاشرے کے لیے ہرجانے کے ذریعے سول قوانین کا سہارا لیتے ہوئے ناقابل برداشت ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا بدنیتی کے ساتھ کے جملے کی وجہ سے ریگولیٹر کو کارروائی کرنے سے نہیں رکنا چاہئے کیونکہ اِس طرح کے مواد کے استعمال کے ذریعے اور قانونی مقصد کی غیر موجودگی میں غیر ایماندارانہ ارادے کو قانونی سمجھا جائے گا جبکہ بصورت دیگر ثابت کرنے کا بوجھ ایسی حرکت کرنے والے شخص پر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ریگولیٹر کو سیکشن 19 کی دفعات کے تحت فوری کارروائی کرنی چاہئے اور پھر ثابت کرنے کا بوجھ ایسا کرنے والے پر منتقل کیا جانا چاہئے۔ سماعت کے دوران انہوں نے استفسار کیا کہ اگر وفاقی تحقیقاتی ایجنسی) ایف آئی اے (کے پاس ایسے شخص یا ذریعے کی شناخت کرنے کی صلاحیت نہیں ہے تو لا افسر عدالت کو آگاہ کرے کہ آیا یہ بین الاقوامی سطح پر بھی دستیاب ہے اور بتائے کہ وفاقی حکومت نے اپنی صلاحیت کو اپ ڈیٹ کیوں نہیں کیا؟ معزز جج نے مزید کہا کہ آڈیو اور ویڈیوز کو ریکارڈ اور اپ لوڈ کر کے رازداری کے بنیادی حق کی خلاف ورزی کثیر الجہتی معاملہ ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ کچھ بنیادی سوالات ہیں کہ آیا کسی بھی ایجنسی) وفاقی یا صوبائی (کو آڈیو یا ویڈیوز کی ریکارڈنگ کے لیے رازداری میں دخل اندازی کرنے اور اِس کی خلاف ورزی کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے؟ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر ریاستی سلامتی کے بہانے کوئی ایجنسی رازداری میں دخل اندازی کرتی ہے تو کیا اِس طرح کے جمع کردہ مواد کو قانون کے تحت کسی شہری یا فوجداری کارروائی کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے؟ جج نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے آزادی اظہار کی اجازت دی جاسکتی ہے جس سے وقار اور ساکھ کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہو؟ کیس کی مزید سماعت 9 جون تک ملتوی کردی گئی ہے تاہم عدالت عالیہ نے کیس پر عبوری حکم نامہ جاری کردیا ہے۔ آڈیوز اور ویڈیوز کے معاملے پر جج ارشد ملک) مرحوم (ویڈیو کیس میں بھی سپریم کورٹ کی طرف سے ایسی ہی بحث دیکھنے میں آئی تھی۔ لاہور ہائیکورٹ نے اِس کیس میں اداروں کی صلاحیت پر بھی سوال اٹھایا ہے اور یہ کہنا شاید بیجا نہ ہوگا کہ متعلقہ اداروں کی تکنیکی استعداد کار مطلوبہ سطح تک لائے بغیر ایسے مسائل کو حل کرنا بظاہر مشکل نظر آتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ متعلقہ محکمے معاشرے پر سوشل میڈیا کے بڑھتے اثرات اور مسائل کے پیش نظر اپنی استعداد کار میں اضافہ کریں، بین الاقوامی سطح پر رائج قوانین کی روشنی میں جلد از جلد مطلوبہ قانون سازی اور پھر اس سے مکمل آگاہی کے ذریعے آج کے اِس تیز رفتار اور پیچیدہ ڈیجیٹل عہد میں ہر کسی کو تحفظ فراہم کریں۔

لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ نامعلوم ذرائع اور ملکیت کی حامل آڈیو اور ویڈیوز کو ملزم کے خلاف کارروائی کے لیے بطور ثبوت نہیں مانا جاسکتا۔ جسٹس شاہد جمیل خان نے نجی سکول میں جسمانی تشدد کے واقعے کی ویڈیو کلپ نشر کرنے کے خلاف درخواست پر عبوری حکم جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ جس شخص کے خلاف اِس طرح کی آڈیو اور ویڈیو لیک ہوئی ہے وہ ملزم نہیں بلکہ متاثرہ فریق ہے۔ انہوں نے الیکٹرانک کرائمنز ایکٹ) پیکا2016 (کیے بدنیتی کے ساتھ غیر مجاز مداخلت سے متعلق سیکشن 19 کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بھی قرار دیا کہ رازداری کی خلاف ورزی ایک جرم) اعلیٰ درجے کا جرم (ہونا چاہیے اور اِس طرح کے مواد کو عام کرنا ریاست کے لیے فوجداری قوانین کے ساتھ ساتھ معاشرے کے لیے ہرجانے کے ذریعے سول قوانین کا سہارا لیتے ہوئے ناقابل برداشت ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا بدنیتی کے ساتھ کے جملے کی وجہ سے ریگولیٹر کو کارروائی کرنے سے نہیں رکنا چاہئے کیونکہ اِس طرح کے مواد کے استعمال کے ذریعے اور قانونی مقصد کی غیر موجودگی میں غیر ایماندارانہ ارادے کو قانونی سمجھا جائے گا جبکہ بصورت دیگر ثابت کرنے کا بوجھ ایسی حرکت کرنے والے شخص پر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ریگولیٹر کو سیکشن 19 کی دفعات کے تحت فوری کارروائی کرنی چاہئے اور پھر ثابت کرنے کا بوجھ ایسا کرنے والے پر منتقل کیا جانا چاہئے۔ سماعت کے دوران انہوں نے استفسار کیا۔

مجھے اس جہنم سے نکالا جائے

ندیم اختر ندیم

ہماری تہذیب میں بیٹیوں کو بڑے احترام سے نوازا جاتا ہے اگر اپنی اسلامی تہذیب کی بات کیجئے تو اسلام نے خواتین کو عزتوں کی رفعتوں پر فائز کیا ہے بیوی کو گھر کی مالکہ بنا دیا۔ بیٹی کو وجہ رحمت قرار دیا اور ماں کے قدموں میں جنت رکھ دی نبی کریم حضرت محمد ﷺ کا خواتین سے حسن سلوک لافانی اور ثانی تھا کہ نبی مکرم ﷺ کی کائنات میں تشریف آوری سے قبل خواتین کی حالت ناگفتہ بہ تھی نہ تو وراثت سے انہیں کچھ ملتا نہ ہی انہیں ایسا قابل احترام سمجھا جاتا عورت مظلوم تھی اس پر مشق ستم روا سمجھا جاتا لڑکی پیدا ہونا رنج والم سے تعبیر کیا جاتا جس گھر میں لڑکی کی ولادت ہوتی اسے باعث شرم رکھا گیا حتیٰ کہ لڑکی کے پیدا ہوتے ہی اسے کسی میدان میں لے جا کر زندہ درگور کر دیا جاتا لیکن محسن انسانیت نبی کریم حضرت محمد ﷺ کے کائنات میں جلوہ افروز ہوتے ہی جہاں دنیا امن کا گہوارہ بن گئی وہاں نبی مکرم ﷺ نے ایسی معاشرتی اصلاح کی کہ خواتین کا مرتبہ بلند ہوا۔ حج الوداع کے موقع پر عورتوں کے حقوق کی تاکید کرتے ہوئے نبی مہربان حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا: غور سے سن لو، میں تمہیں عورتوں کے حق میں بھلائی کی نصیحت کرتا ہوں) ترمذی (ہم ایک اسلامی ملک کے باسی ہیں جسے اسلام کا قلعہ بھی کہا گیا ہے پاکستان کا قیام اللہ رب العزت کا خاص کرم ہے پاکستان عشاق رسول ﷺ کا مسکن ہے جسکی بنیاد ہی کلمہ طیبہ پر ہے۔ جہاں بلاتفریق مذہب وملت سب کو یکساں حقوق میسر ہیں پاکستان میں خواتین کے احترام اور حقوق میں کہیں کوئی کمی نہ چھوڑی گئی ہے پاکستان میں آج بھی ایسی روایت کے امین ملتے ہیں کہ اگر ایک گاں کی بیٹی کسی دوسرے گاں بیاہی گئی ہے تو اس بیٹی کے گاں کا کوئی شخص اگر سفر کرتے ہوئے اس بیٹی کے سسرال سے گھوڑے پر سوار گزرے اسے معلوم ہوا کہ یہ ہماری گاں کی بیٹی کا سسرال ہے تو وہ فورا گھوڑے سے اتر کر پورا گاں احتراما پیدال چل کر گذرا ایسے عزت واحترام کے دیس پاکستان کی کسی بیٹی کو اگر پرائے دیس والے اٹھا کر لے جائیں تو پھر سوچئے کہ ہم رسوائیوں اور ندامتوں کی اتھاہ گہرائیوں میں کس قدر گر چکے ہیں اس قوم کی ایک بیٹی کو بیس سال سے زائد کا عرصہ ہوا کہ امریکیوں کی جیل میں انکے ظلم سہہ رہی ہے۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی پر الزام تھا کہ انہوں نے افغانستان جنگ میں امریکی فوجیوں پر قاتلانہ حملہ کیا تھا جس سے انکار کرتے ہوئے عافیہ کا کہنا تھا کہ انہوں نے کسی پر گولی نہیں چلائی بلکہ وہ تو امن کی داعی ہیں تقریبا پندرہ سال قبل نیویارک کی وفاقی عدالت یو ایس کورٹ صدرن ڈسٹرکٹ میں جج رچرڈ ایم برمین کے سامنے جب ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو جیل سے پیش کیا گیا تو عافیہ صدیقی عدالت کو بتاتی رہی تھی کہ اس نے کوئی جرم نہیں کیا وہ بے قصور ہے اسے ناحق قید وبند میں رکھا گیا ہے اس کے پاس کوئی بندوق تھی نہ وہ امریکہ کے خلاف ہے۔ اس پر جیل میں تشدد کیا جاتا ہے۔

پاکستان کے خلاف ملکی وغیر ملکی سازش

عمران امین

تاریخ کا جبر بتاتا ہے کہ جب بھی کسی مسلم معاشرے کو ملحدانہ اور کافرانہ سوچ نے اپنا شکار کرنا ہو، تو سب سے پہلے اس سوچ کے حامل افراد نے معاشرے میں موجود سیاسی اور مذہبی قیادت میں سے دنیادار، غلام منش، خود غرض اور لالچی افراد کا چنا کرنا ہوتا ہے۔ یہ منتخب افراد معاشرے میں چند مخصوص نظریات کو پھیلا کر، عوام الناس کی ذہن سازی کا عمل شروع کردیتے ہیں۔ نظریے کو مقبول عام بنانے کے لیے کبھی انسانی حقوق کا سہارا لیا جاتا ہے، کبھی مذہب کی من پسند تشریح کی چھتری استعمال ہوتی ہے، کبھی علاقائی عصبیت کو فروغ دیا جاتا ہے، کبھی لسانی نعرہ بازی کو اپنے حق میں استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی عوام اور اداروں میں تصادم کروایا جاتا ہے۔ اس عوامی ذہن سازی کے عمل کے ساتھ ساتھ عوام کے پڑھے لکھے طبقے اور حکومتی اداروں میں موجود بدعنوان اور کرپٹ بندوں کو بھی خریدا جاتا ہے جن کی مدد سے جان بوجھ کر عوام کے حقیقی مسائل کو وقتی طور پر پس پشت ڈالنے کے ساتھ ساتھ ان کے فوری حل میں بھی رکاوٹیں کھڑی کی جاتی ہیں یوں آہستہ آہستہ عوام کا حکومت اور سرکاری اداروں سے اعتماد اٹھنے کا آغاز ہوتا ہے جبکہ اگلے مرحلے میں ریاست کی سرحدوں کے محافظ اور سلامتی کے اداروں کے کردار پر انگلی اٹھنا شروع ہو جاتی ہے۔ فوج کے آئینی دائرہ کار اور دفاعی اخراجات کو زیر بحث لا کر اس ادارے کو دفاعی پوزیشن پر لانے کی شعوری کوشش کی جاتی ہے۔ بدقسمتی سے ترقی پذیر ممالک میں سیاست دانوں کی باہمی لڑائیوں کی وجہ سے فوج کا سیاسی میدان میں عمل دخل بڑھ گیا ہے جس کی بنا پر سازشی تھیوری میں اگلے مرحلے میں فوج کے سیاسی کردار کو بھی زیر بحث لایا جاتا ہے چنانچہ اس سوچ کو عوام میں عام کرنے کے لیے میڈیا میں سے چند لوگ تلاش کر کے ٹاک شوز میں حساس موضوعات پر ایک مخصوص ایجنڈے کے تحت بحث شروع ہو جاتی ہے۔ یوں عدلیہ، فوج سمیت دیگر آئینی اور حکومتی اداروں پر عوام الناس کی جانب سے اعتراضات کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ یہ وہ مقام ہوتا ہے جو کسی بھی ملک کو خطرناک اور خوفناک صورتحال کی طرف لے جاتا ہے کیونکہ اس غلط روش سے مستقبل میں ملک کی سلامتی متاثر ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ اگر ہم غور کریں تو پاکستان کی موجودہ صورتحال بھی کچھ ایسی ہی نظر آتی ہے۔ ملک میں سیاسی بکا مال بکثرت موجود ہے جو اپنی ذات کی تشہیر، ذاتی مفاد، اقتدار اور مال ودولت کے انبار کے بدلے میں ملک سے غداری میں ذرا بھی تامل نہیں کرتے۔ ملک میں ان دشمن قوتوں کے ایجنٹوں کی مدد کرنے کے لیے سازشی سرکاری افسروں اور دانشوروں کی فوج ظفر موج موجود ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے خاندان باہر، جن کی جائیدادیں باہر اور جن کے کاروبار بھی باہر ہیں۔ ذہن میں رہے کہ پاکستان میں دشمن کے ایجنڈے کے تحت ریاستی اداروں کے خلاف عوامی ذہن سازی کے عمل کو بہت پہلے شروع کیا جا چکا تھا جس کا بھرپور مظاہرہ 9 مئی کو سلامتی کے اداروں پر حملے کی صورت میں ہوا۔ ملک دشمن گروہ اپنے ایجنڈے کی تکمیل کے لیے پاکستانی فوج کے روشن اور اجلے کردار کو گندہ کرنے کا کھیل کافی وقت سے جاری رکھے ہوئے تھا مگر خوش قسمتی سے پاکستانی عوام کو اب ان کے اصل چہرے نظر آنا شروع ہو گئے ہیں اور یوں تخریب کاروں کے عزائم بھی بے نقاب ہو گئے ہیں۔ یاد رہے کہ موجودہ انتشار پسند اپوزیشن اپنی ملک دشمنی کی وجہ سے عوام میں اپنی اہمیت اور حیثیت کھو چکی ہے اور خصوصا اس موقع پر جب افواج پاکستان کو اندرونی اور بیرونی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لیے عوامی اور اخلاقی مدد کی ضرورت بھی ہو، تو اس موقع پر فوج مخالف بیانیہ عوام کے سامنے ایک سیاسی پارٹی کے عزائم کو بری طرح سے بے نقاب کر گیا ہے۔ افسوس ان محب وطن پاکستانی بہن بھائیوں پر بھی ہے جو سادہ لوح ہیں اور شر پسند عناصر کے کہنے پر اپنی ہی فوج کے خلاف قلم، زبان ہاتھ اور ہتھیار کا استعمال کرتے ہیں اور ان جانے میں کیے جانے والے جرم کی سزا پائیں گے۔ ان کو سمجھ جانا چاہیے کہ ہر سیاسی رہنما صرف اپنا الوسیدھا کرتا ہے اور حصول اقتدار کے لیے کارکنوں کی جانیں بھی قربان کرنی پڑ جائیں تو انہیں یہ مہنگا سودا نہیں لگتا۔ جیسا کہ اب عمران خان نے 9 مئی کے واقعات کی ساری ذمہ داری اپنے کارکنوں پر ڈال دی ہے اور خود کو بری الذمہ قرار دے دیا ہے۔ یہ بات ریکارڈ کا حصہ ہے کہ ماضی میں پاک فوج اور عوام نے ملک میں امن قائم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور دونوں فریقوں کے اتحاد نے مل کر ہمیشہ دشمنوں کو خاک چاٹنے پر مجبور کیا ہے۔

جیلوں کا نظام اور اختیارات

محسن گورایہ

ایک وقت تھا جیلوں کے اندر قیدی شفٹوں میں سوتے تھے، کیونکہ جیلیں اور انکی گنجائش کم اور قیدی زیادہ ہوتے تھے، ایک وقت وہ بھی تھا جب سخت گرمی میں جیلیں تپتے ہوئے صحراں کا نقشہ پیش کرتی تھیں، پنکھے گنے چنے اور ٹھنڈے پانی کے کولر کا تو تصور بھی نہیں تھا، میں نے ایک طویل عرصہ سول سیکرٹیریٹ، جیلوں اور دوسرے محکموں کی رپورٹنگ کی ہے جس کی وجہ سے ان حالات کا جائزہ لینے کا موقع مل جاتا تھا جہاں عام آدمی کی رسائی نہیں ہوتی تھی۔ بیس پچیس سال پہلے جب میں نوائے وقت میں کام کرتا تھا تو جیلوں میں گرمیوں کے دنوں میں پنکھوں، ٹھنڈے پانی اور دوسری ضروری سہولتوں کی کمیابی کے حوالے سے میں نے ایک خبر دی تو اگلے روز اس پر شور مچ گیا، جنرل مشرف کا دور حکومت تھا اور جنرل خالد مقبول بڑے محنتی اور متحرک گورنر پنجاب تھے، میں صبح دفتر پہنچا تو مجھے گورنر خالد مقبول کا ٹیلی فون آیا اور انہوں نے اس خبر کے حوالے سے مزید معلومات لیں، اس کے بعد تو ٹیلی فونوں کا تانتا بندھ گیا، ایک فون سخت غصے میں آیا وہ ہوم سیکرٹری پنجاب بریگیڈئر اعجاز شاہ کا تھا، گورایہ دس از بیلوی بیلٹ، میں نے کہا شاہ صاحب، جیلوں کے یہی حالات ہیں جو میں نے لکھے ہیں۔ جیل کا محکمہ ہوم سیکرٹری کے ماتحت ایک ادارہ ہے اس لئے وہ سخت رنجیدہ تھے، آپ کو خبر دینے کی بجائے مجھے بتانا چاہئے تھا آپ مجھ سے روز ملتے ہیں، گورنر صاحب اس پر سخت ناراض ہیں، میں نے کہا شاہ جی سخت گرمی کے موسم میں جیلوں میں پنکھے اور ٹھنڈا پانی نہ ملنا بڑا ظلم ہے، انہوں نے پنجابی میں جواب دیا، میں پی سی ہوٹل نہیں جیلاں چلا رہیاواں ایتھے چور ڈاکو بند نیں، توں چاہناں ایں میں چوراں ڈاکوں نوں شربت پیاواں،، ان دنوں چودھری محمد حسین چیمہ آئی جی جیلخانہ جات اور موجودہ آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کوٹ لکھپت جیل کے سپرنٹنڈنٹ تھے، میری خبر کے نتیجے میں جیلوں میں پنکھے پورے ہوگئے اور ٹھنڈے پانی کے کولر بھی لگادئے گئے۔

آج بھی جیلوں کے حالات مثالی نہیں مگر بہت بہتر ہیں، جیل سروس سے تعلق رکھنے والے آئی جی، جیلوں کے نظام کو اچھا سمجھتے اور بہتر چلا رہے ہیں، پچھلے دنوں ایک سیاسی جماعت کی خواتین کے حوالے سے جب یہ بیانات آئے کہ ان کے ساتھ جیل کے اندر بدسلوکی کی گئی ہے تو مجھے یقین نہیں آیا تھا، میں نے اپنے طور پر اس کی تحقیق کی، پھر انسانی حقوق کی راہنما آپا حنا جیلانی نے بھی اپنی رپورٹ میں اسے حقائق کے منافی قرار دیا تو اطمینان ہوا کہ اس گئے گزرے دور میں بھی جیلوں میں خواتین کے حوالے سے قانون، اصول اور ضوابط پر عمل ہو رہا ہے۔ سماج کا توازن بگاڑنے والوں اور معاشرے کے وضع کردہ قوانین کو پامال کرنے والوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟ یہ سوال ہر دور اور ہر زمانے میں ارباب بست وکشاد کے لئے درد سر بنا رہا ہے اور اس کا جواب تلاش کرنے کے عمل کو اہمیت دی جاتی رہی ہے، لمبے اور طویل سوچ بچار کے بعد یہ طے پایا کہ ملکی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو قید کر دیا جانا چاہئے، اس کے پیچھے جواز یہ تھا کہ قانون توڑنے والوں کو ایک جگہ محدود اور پابند رکھ کر ایک تو انہیں آزادی کا احساس دلایا جائے اور دوسرا یہ کہ وہ تنہا رہ کر سوچ بچار کریں اور خود کو معاشرے کا اچھا رکن بنانے پر توجہ دیں، سوچا گیا کہ اس طرح سماجی بگاڑ دور ہو سکے گا اور معاشرتی توازن کو برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔

ہمارے جیسے ملکوں میں جیلوں کے نظام کو بہتر بنانے پر مناسب توجہ نہیں دی جاتی، ہر ادارے کی طرح جیلوں کا نظام بھی بنا ہوا ہے، جیلوں کے اندر کے انتظامات اور جیلوں میں خدمات سرانجام دینے والے حکام اور عملے کے دیگر افراد کے درمیان اختیارات کی تقسیم اور ان اختیارات کو استعمال کرنے کے معاملات ابھی بھی بہتر بنانے کی ضرورت ہے، جہاں تک جیلوں کے اندر کے انتظامات کا تعلق ہے تو پچھلے ادوار سے ان میں وقتاً فوقتاً اصلاحات لائی جا رہی ہیں، یہی وجہ ہے کہ جیلوں کے اندرونی معاملات ماضی کی نسبت خاصے بہتر ہیں جیسے اب قیدیوں کو اچھا کھانا ملتا ہے، انہیں گھر والوں سے ٹیلی فون پر بات کرنے اور اب تو وقت گزارنے کا موقع بھی دیا جاتا ہے، ان کی کچھ دیگر ضروریات کا خیال بھی رکھا جاتا ہے اور سماجی معاملات میں کچھ آزادیاں بھی حاصل ہیں، اس کے باوجود بہت سے معاملات توجہ طلب ہیں۔

قیدیوں کی اصلاح اور تربیت کا اہتمام کر کے اور ان کے ذہنوں میں جرائم سے نفرت پیدا کر کے انہیں شریف اور فرض شناس شہری کی حیثیت سے اپنے فرائض سرانجام دینے کے لئے تیار کیا جا سکتا ہے، انہیں مختلف ہنر سکھانے کی طرف بھی توجہ دینی چاہیے تاکہ رہائی کے بعد پوری خود اعتمادی کے ساتھ شریفانہ زندگی کا آغاز کر سکیں، مروجہ قوانین پر عمل درآمد میں سست روی اور ان قوانین میں پائی جانے والی پیچیدگی کے باعث لاتعداد لوگ مقدمات کے فیصلوں کے انتظار میں طویل عرصہ حوالاتی کی حیثیت سے جیل میں بلاوجہ محبوس رہتے ہیں۔

اب کچھ بات جیلوں کے انتظامات اور قیدیوں کے معاملات پر توجہ دینے کے لئے تعینات عملے کے درمیان اختیارات کی تقسیم کے بارے میں، موجودہ آئی جی جیل خانہ جات بہتر افسر ہیں، انتظامی لحاظ سے بھی خاصے سٹرانگ ہیں مگر محسوس یہ ہوتا ہے کہ کئی معاملات میں وہ بے بس ہیں، اس زمینی حقیقت سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا کہ جب تک کسی شعبے ادارے یا محکمے کے اعلیٰ ترین افسر کے پاس اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے مکمل ایڈمنسٹریٹو اختیارات نہیں ہوں گے اس ادارے یا شعبے کے معاملات کبھی ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ جیلوں کے انتظامی معاملات کے حوالے سے جن مسائل اور خامیوں کا ذکر کیا گیا ہے سوچنے کی ضرورت ہے کہ وہ اس محکمے کے اعلیٰ ترین افسر کو حاصل اختیارات کے محدود یا مسدود ہونے کی وجہ سے تو نہیں؟ ہمارے ملک میں جیلوں کے انتظامی معاملات میں وسیع پیمانے پر اصلاحات کی ضرورت ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ کہیں اصلاحات کی راہ میں آئی جی کے محدود اختیارات تو رکاوٹ نہیں، حالات اب اس نہج تک پہنچ چکے ہیں کہ ایک ایڈیشنل سیکرٹری بھی آئی جی جیل خانہ جات پر بھاری محسوس ہوتا ہے، کسی ادارے کے معاملات کو قابو میں رکھنے کے لئے چیک اینڈ بیلنس کا نظام قائم کرنا پڑتا ہے لیکن جب آئی جی جیل ایک کرپٹ اور نااہل ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل کو بھی نہ بدل سکیں تو وہ جیلوں کے نظم ونسق کو اچھے طریقے سے کیسے چلا سکتے ہیں؟ اگر حکومت ملک بھر کی جیلوں کو واقعی ایک اصلاحی ادارہ بنانا چاہتی ہے، جہاں قید کئے جانے والے قید پوری ہونے پر معاشرے کے مفید شہری بن کر نکلیں تو محکمہ ہوم کو آئی جی کو با اختیار بنانا ہوگا کہ محکمہ جیل خانہ جات کے آئی جی کو پولیس کے آئی جی کی طرح فنانشل اور ایڈمنسٹریٹو پاورز دینا ہوں گی۔

قیدیوں کی اصلاح اور تربیت کا اہتمام کر کے اور ان کے ذہنوں میں جرائم سے نفرت پیدا کر کے انہیں شریف اور فرض شناس شہری کی حیثیت سے اپنے فرائض سرانجام دینے کے لئے تیار کیا جا سکتا ہے، انہیں مختلف ہنر سکھانے کی طرف بھی توجہ دینی چاہیے تاکہ رہائی کے بعد پوری خود اعتمادی کے ساتھ شریفانہ زندگی کا آغاز کر سکیں، مروجہ قوانین پر عمل درآمد میں سست روی اور ان قوانین میں پائی جانے والی پیچیدگی کے باعث لاتعداد لوگ مقدمات کے فیصلوں کے انتظار میں طویل عرصہ حوالاتی کی حیثیت سے جیل میں بلاوجہ محبوس رہتے ہیں۔

اب کچھ بات جیلوں کے انتظامات اور قیدیوں کے معاملات پر توجہ دینے کے لئے تعینات عملے کے درمیان اختیارات کی تقسیم کے بارے میں، موجودہ آئی جی جیل خانہ جات بہتر افسر ہیں، انتظامی لحاظ سے بھی خاصے سٹرانگ ہیں مگر محسوس یہ ہوتا ہے کہ کئی معاملات میں وہ بے بس ہیں، اس زمینی حقیقت سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا کہ جب تک کسی شعبے ادارے یا محکمے کے اعلیٰ ترین افسر کے پاس اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے مکمل ایڈمنسٹریٹو اختیارات نہیں ہوں گے اس ادارے یا شعبے کے معاملات کبھی ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ جیلوں کے انتظامی معاملات کے حوالے سے جن مسائل اور خامیوں کا ذکر کیا گیا ہے سوچنے کی ضرورت ہے کہ وہ اس محکمے کے اعلیٰ ترین افسر کو حاصل اختیارات کے محدود یا مسدود ہونے کی وجہ سے تو نہیں؟ ہمارے ملک میں جیلوں کے انتظامی معاملات میں وسیع پیمانے پر اصلاحات کی ضرورت ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ کہیں اصلاحات کی راہ میں آئی جی کے محدود اختیارات تو رکاوٹ نہیں، حالات اب اس نہج تک پہنچ چکے ہیں کہ ایک ایڈیشنل سیکرٹری بھی آئی جی جیل خانہ جات پر بھاری محسوس ہوتا ہے، کسی ادارے کے معاملات کو قابو میں رکھنے کے لئے چیک اینڈ بیلنس کا نظام قائم کرنا پڑتا ہے لیکن جب آئی جی جیل ایک کرپٹ اور نااہل ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل کو بھی نہ بدل سکیں تو وہ جیلوں کے نظم ونسق کو اچھے طریقے سے کیسے چلا سکتے ہیں؟ اگر حکومت ملک بھر کی جیلوں کو واقعی ایک اصلاحی ادارہ بنانا چاہتی ہے، جہاں قید کئے جانے والے قید پوری ہونے پر معاشرے کے مفید شہری بن کر نکلیں تو محکمہ ہوم کو آئی جی کو با اختیار بنانا ہوگا۔

شوبز

SHOWBIZ

پہلی بار میری کسی پوسٹ پر 95 فیصد مثبت کمنٹس آئے ہیں، ٹک ٹاکر عائشہ

انٹرنیٹ پر وائرل ہونے والی ٹک ٹاکر عائشہ نے وی لاگنگ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے

لاہور (شوبز نیوز) مشہور بھارتی گانے ’میرا دل یہ پکارے آجا‘ پر ڈانس کر کے راتوں رات انٹرنیٹ پر وائرل ہونے والی ٹک ٹاکر عائشہ نے وی لاگنگ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انٹرنیٹ سینسیشن عائشہ عرف مانو نے باقاعدہ طور پر ماڈلنگ شروع کر دی ہے، انہوں نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر بھی اپنے تعارف میں بطور فیشن ماڈل اپنا پیشہ لکھا ہوا ہے۔ عائشہ نے گزشتہ دنوں ایک انسٹاگرام لائیو ویڈیو کے دوران صارفین سے نفرت انگیز تبصرے کرنے سے متعلق سوال کیا تھا اور انہیں منفی تبصروں سے روکا تھا۔

پرینیتی چوپڑا نے عابدہ پروین اور نصیبو لال کا گانا گا کر مداحوں کو حیران کردیا

اداکارہ نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ بعض اوقات اچھے لمحات اچانک رونما ہو جاتے ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) بھارت کی نامور اداکارہ پرینیتی چوپڑا نے عابدہ پروین اور نصیبو لال کا گانا گا کر مداحوں کو حیران کر دیا۔ اداکارہ نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ بعض اوقات اچھے لمحات اچانک رونما ہو جاتے ہیں، وہ ایک کام کیلئے ڈبنگ سٹوڈیو گئی تھیں اور وہ خود کو اپنے پسندیدہ ترین گانے کو گانے سے باز نہیں رکھ سکیں۔ انہوں نے پاکستانی گلوکاراں عابدہ پروین اور نصیبو لال کا مشہور گانا تو جھوم گایا جسے کوک سٹوڈیو نے ریلیز کیا تھا۔ ڈیو پوسٹ ہوتے ہی جہاں سوشل میڈیا صارفین کی طرف سے اداکارہ کی تحسین کی گئی وہیں شوبز ساتھی فنکاروں نے بھی ان کی تعریف کی ہے۔ پرینیتی چوپڑا ایک باصلاحیت اداکارہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک گلوکارہ بھی ہیں اور انہوں نے ہندوستانی کلاسیکل میوزک کی باقاعدہ تعلیم بھی حاصل کی ہے۔ واضح رہے کہ اداکارہ بالی ووڈ کی متعدد فلموں کیلئے گانے گا چکی ہیں اور فلم کیسری کے مشہور گانے تیری مٹی میں بھی ان کی آواز شامل ہے۔ انہوں نے پاکستانی گلوکاراں عابدہ پروین اور نصیبو لال کا مشہور گانا تو جھوم گایا جسے کوک سٹوڈیو نے ریلیز کیا تھا۔ ڈیو پوسٹ ہوتے ہی جہاں سوشل میڈیا صارفین کی طرف سے اداکارہ کی تحسین کی گئی۔

سلمان خان اپنے غربت کے دن یاد کر کے رو پڑے

مزید کہا کہ سنیل مجھے اپنے ساتھ گھر بھی لے گئے جہاں انہوں نے ایک بٹوا بھی گفٹ کیا



ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے ’دبنگ‘ سلمان خان نے کہا ہے کہ ماضی میں معاشی تنگی کا سامنا کر چکا ہوں، ایک بار سنیل شیٹھی نے مجھے کپڑے خرید کر بطور تحفتاً دیئے تھے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سلمان خان معروف اداکار سنیل شیٹھی کے بیٹے آہان شیٹھی کے ساتھ ایک تقریب میں موجود تھے جہاں انہوں نے بتایا کہ ایک بار میں اور سنیل کسی کپڑے کی دکان پر تھے وہاں مجھے شرٹ اور پینٹ بہت پسند آئی لیکن جیب میں اتنے پیسے نہیں تھے کہ بٹوا نکال کر خرید سکتا تو ایسے میں سنیل شیٹھی یہ سمجھ گئے۔

طلاق کی بڑھتی شرح کی بنیادی وجہ عورت مارچ ہے: نازش جہانگیر

میں دونوں فریقین کے مؤقف کو جاننے کے بعد صرف سچ کے ساتھ کھڑے ہونے کو ترجیح دیتی ہوں

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی اداکارہ نازش جہانگیر نے طلاق کی بڑھتی ہوئی شرح کی بنیادی وجہ عورت مارچ اور عورتوں کے حقوق کیلئے چلنے والی تحریک کو قرار دے دیا۔ اداکارہ نازش جہانگیر نے کہا کہ آج بھی اپنی بات پر قائم ہوں کہ ہر رونے والی عورت سچی نہیں ہوتی، ہمیں صنفی امتیاز پر کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ معاشرے سے بے راہ روی کو کم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہی ماں کا بیٹا اور بیٹی ہے، ہمیں صرف لڑکی کو نہیں بلکہ لڑکے کو بھی بچانا ہے، ایسا نہیں کہ میں عورت کے ساتھ نہیں مگر میرے بھائی یا کسی مرد کے ساتھ زیادتی ہوگی تو میں وہاں بھی کھڑی ہوں گی۔

نئی اردو فلم ”بے پناہ عشق“، تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہوگئی

لاہور (شوبز نیوز) نئی اردو فلم ”بے پناہ عشق“، تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہوگئی فلم کی عکس بندی کا کام تیزی سے جاری ہے اردو فلم ”بے پناہ عشق“ کے پروڈیوسر جواد حسن بلوچ، معاون پروڈیوسر عالیہ چوہدری، ہدایت کار غلام حسن تونسوی اور اظہر رنگیلا جبکہ فلم کے میوزک ڈائریکٹر اشفاق علی خان ہیں فلم کی نمایاں کاسٹ میں سحر ملک، زری خان، اظہر رنگیلا، راحیلہ آغا، جواد حسن بلوچ علی کاظمی، اویس، رضوان ملک شاوراخان ودیگر شامل ہیں فلم کے نغمہ نگار غلام جیلانی کے لکھے ہوئے گیتوں کو سائرہ نسیم اور نصیبو لال نے اپنی خوبصورت آواز میں ریکارڈ کرایا۔

ٹک ٹاکر بچوں کیلئے والدین کی رہنمائی ضروری ہے: حاجرہ یامین

ٹک ٹاک کے ذریعے ہر کوئی پیسہ کما رہا ہے اور اب اس کا رخ بچوں کی جانب موڑ دیا گیا

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ حاجرہ یامین نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر بچوں کے لیے والدین کی رہنمائی ضروری ہے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ حاجرہ یامین نے کہا کہ ٹک ٹاک جیسے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے لوگ مقبول ضرور ہوئے ہیں اور اس میں عمر کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم مکمل طور پر ایک مختلف چیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹک ٹاک کے ذریعے ہر کوئی پیسہ کما رہا ہے اور اب اس کا رخ بچوں کی جانب موڑ دیا گیا اور اس میں عمر کی کوئی حد بھی مقرر نہیں کی گئی اس لئے ایسے بچوں کیلئے والدین کی رہنمائی انتہائی ضروری ہے۔

بیٹیوں سے متعلق بیان پر میرے بیٹوں کو بددعائیں دی گئیں: صاحبہ

صاحبہ کا مزید کہنا تھا کہ بیٹیوں کے نہ ہونے پر شکر ادا کرنے کا مطلب غلط لیا گیا

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ صاحبہ نے کہا ہے کہ بیٹیاں نہ ہونے سے متعلق بیان پر میرے بیٹوں کو بددعائیں دی گئیں۔ فلم اور ٹی وی کی سینئر اداکارہ صاحبہ نے ایک انٹرویو میں کہا کہ بیٹیاں نہ ہونے پر شکر ادا کرنے پر آن لائن نہ صرف شدید تنقید کی گئی بلکہ میری کردار کشی بھی ہوئی اور بیٹوں کو بددعائیں بھی دی گئیں۔ صاحبہ کا مزید کہنا تھا کہ بیٹیوں کے نہ ہونے پر شکر ادا کرنے کا مطلب غلط لیا گیا، یہ بات موجودہ حالات اور بیٹیوں کے ساتھ پیش آنے والے مسائل کو دیکھ کر کی تھی، آج بھی سماج میں بیٹیوں کی خواہشات پوری نہیں کرنے دی جاتیں، اگر وہ پڑھنا چاہتی ہیں تو ان کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے اور جو ڈاکٹر بننا چاہتی ہیں ان کے راستے روکے جاتے ہیں۔ انٹرویو میں شریک صاحبہ کے شوہر ریمبو نے کہا کہ بچوں کی پیدائش سے پہلے بھی صاحبہ بیٹی کا سوچ کر رو پڑتی تھیں۔

سپورٹس

SPORTS

پاکستان نے ورلڈ کپ کے دوران احمد آباد میں میچ کھیلنے سے انکار کردیا

پاکستان احمد آباد میں اسوقت تک نہیں کھیلے گا جب تک کہ یہ فائنل میچ نہ ہو

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے آئندہ ورلڈ کپ 2023ء میں نریندر مودی اسٹیڈیم میں اپنے میچز کھیلنے کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ نجم سیٹھی نے آئی سی سی کے چیئرمین گریگ بارکلے اور چیف ایگزیکٹو آفیسر جیف ایلارڈائس کو آگاہ کیا ہے کہ پاکستان احمد آباد میں اس وقت تک نہیں کھیلے گا جب تک کہ یہ فائنل میچ نہ ہو۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چیئرمین پی سی بی نے آئی سی سی کے سربراہوں کو واضح طور پر کہا ہے کہ پاکستان فائنل جیسے ناک آؤٹ میچ کے علاوہ احمد آباد میں نہیں کھیلنا پسند کرے گا۔ ذرائع نے مزید کہا کہ سیٹھی نے آئی سی سی سے درخواست کی ہے کہ اگر ٹیم کو پاکستانی حکومت سے کلیئرنس مل جاتی ہے تو وہ چنئی، بنگلورو اور کولکتہ میں میچز شیڈول کرے۔ بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (BCCI) نے نریندر مودی اسٹیڈیم میں پاکستان اور بھارت کے درمیان بڑا ٹاکرا شیڈول کرنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ خدشات کو دور کرنے اور آئندہ ورلڈ کپ میں پاکستان کی شرکت کے حوالے سے یقین دہانی حاصل کرنے کی کوشش میں، آئی سی سی کے سربراہان نے حال ہی میں لاہور کا دورہ کیا۔ واپسی پر، انہوں نے پاکستان کو کھیلوں کے لیے ایک پرامن ملک قرار دیا اور 2025ء میں آنے والی چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کے لیے اس کی صلاحیت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ پچھلے مہینے یہ اطلاع ملی تھی کہ 15 اکتوبر کو نریندر مودی اسٹیڈیم۔

ایشین چیمپئنز ٹرافی: قومی ہاکی ٹیم نے بھارت کے ویزا کیلئے اپلائی کردیا

پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) حکام کے مطابق ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی بہت اہم ایونٹ ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) ایشین چیمپئنز ٹرافی میں حصہ لینے والی قومی ہاکی ٹیم کے بھارتی ویزا کیلئے آن لائن اپلائی کردیا گیا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) حکام کے مطابق ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی بہت اہم ایونٹ ہے، عدم شرکت سے بہت نقصان ہوگا، اس لیے بھارتی ویزوں کے حصول کیلئے کام شروع کردیا ہے۔ آن لائن اپلائی کرنے کے بعد چند ضروری دستاویزات کے حصول کے بعد اگلے ہفتے تک باقاعدہ ویزا درخواستیں بھی جمع کروادی جائیں گی جبکہ پاکستانی ٹیم کو بھارت جانے کیلئے حکومتی این او سی کا انتظار ہے۔ ایشین چیمپئنز ٹرافی 3 اگست سے 12 اگست تک چنائی میں ہو رہی ہے، جس کی تیاریوں کیلئے پاکستانی ٹیم کا تربیتی کیمپ 10 جون سے لاہور میں لگائے جانے کا امکان ہے۔ دوسری جانب عمان میں جونیئر ہاکی ایشیا کپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 18 کھلاڑیوں کو بھی کیمپ میں مدعو کیا گیا ہے

میتھیو ہیڈن نے بابر اعظم، کوہلی اور سٹیو سمتھ کو موجودہ دور کے عظیم کھلاڑی قرار دیدیا

سڈنی (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق میٹور میتھیو ہیڈن نے کپتان بابر اعظم، اسٹیو اسمتھ اور ویرات کوہلی کو موجودہ دور کے عظیم کھلاڑی قرار دیا ہے۔ آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنل کے میچ کے دوران سوال کیا گیا کہ آسٹریلیا کو ہندوستان پر کیا فائدہ ہو سکتا ہے؟، جس پر سابق آسٹریلوی کرکٹر میتھیو ہیڈن نے بورڈ پر رنز بنانے کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اسٹیو اسمتھ، ویرات کوہلی، اور بابر اعظم کی بلے بازی کی صلاحیتوں کی تعریف کی۔ میتھیو ہیڈن نے کہا کہ تینوں بلے باز میرے لیے جدید دور کے عظیم کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمتھ کو اپنے غیر روایتی لیکن موثر بیٹنگ اسٹائل کی وجہ سے شہرت حاصل ہے، انہوں نے مسلسل رنز بنائے اور مخالف گیند بازوں پر پریشر میں لائے۔ اسی طرح بابر اعظم بین الاقوامی کرکٹ کے سب سے پرجوش بلے بازوں میں سے ایک بن گئے ہیں۔ اس کا خوبصورت اسٹروک پلے، ٹائمنگ، اور لمبی اننگز کھیلنے کی صلاحیت نے اسے مقبول بنایا ہے۔ بابر کے متاثر کن اعداد وشمار اور مسلسل کارکردگی نے دنیا کے سرفہرست بلے بازوں میں ان کا مقام مضبوط کر دیا ہے۔ سابق بھارتی کپتان ویرات کوہلی کے حوالے سے انکا کہنا تھا کہ وہ ایک دہائی سے زیادہ عرصے تک عالمی کرکٹ میں صف اول کے بلیباز رہے۔

ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ 10 جون سے شروع ہوگی

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) ایشین نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ 10 جون سے کوریا میں شروع ہوگی۔ چیمپئن شپ میں 11 ممالک کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پاکستان کو گروپ اے میں ملائیشیا، ہانگ کانگ، تھائی لینڈ، بھارت اور جاپان کے ساتھ رکھا گیا ہے جبکہ گروپ بی میں سنگاپور، سری لنکا، برونائی، تائیوان اور کوریا شامل ہیں۔

چیئرمین پی سی بی کی تعیناتی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی آمنے سامنے

ذکا اشرف پیپلز پارٹی کی جانب سے چیئرمین پی سی بی کے امیدوار ہیں، احسان مزاری

لاہور (سپورٹس نیوز) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی تعیناتی کے معاملے پر ن لیگ اور پیپلز پارٹی آمنے سامنے آگئے۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کا موقف ہے کہ کھیلوں کی وزارت ہمارے پاس ہے اور پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کا تعلق کھیلوں کی وزارت سے ہے تو پی سی بی کا سربراہ بھی ہمارا آدمی ہونا چاہیے، پیپلز پارٹی نجم سیٹھی کی جگہ ذکا اشرف کو لانا چاہتی ہے لیکن نواز شریف چاہتے ہیں کہ نجم سیٹھی کو نہ چھیڑا جائے۔ دوسری جانب مسلم لیگ ن کے رہنما اور وفاقی وزیر خرم دستگیر نے دونوں جماعتوں میں اختلافات کے تاثر کو مسترد کیا۔

ریٹائرمنٹ کے بعد معین علی کی دوبارہ ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی

معین علی ٹیسٹ کرکٹ سے 2021 کے سیزن کے اختتام پر ریٹائر ہوگئے تھے

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کے کرکٹر معین علی نے ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی کا اعلان کردیا۔ انگلینڈ کرکٹ بورڈ) ای سی بی (نے جیک لیچ کی انجری کے بعد معین علی سے ریٹائرمنٹ واپس لینے کے لیے رابطہ کیا تھا جس کے پیش نظر اب معین علی نے ٹیسٹ کرکٹ سے اپنی ریٹائرمنٹ واپس لے لی ہے۔ معین علی کو 16 جون سے شروع ہونے والی ایشز سیریز کے پہلے 2 میچز میں شامل کرلیا گیا ہے۔ آل راؤنڈر معین علی ٹیسٹ کرکٹ سے 2021 کے سیزن کے اختتام پر ریٹائر ہوگئے تھے، 35 سال کے معین علی نے 67 ٹیسٹ میچز میں 2914 رنز بنائے اور 195 وکٹیں حاصل کیں۔ 35 سال کے معین علی نے 67 ٹیسٹ میچز میں 2914 رنز بنائے اور 195 وکٹیں حاصل کیں۔

وائیٹلٹی بلاسٹ ٹی-20 ٹورنامنٹ میں آج مزید 8 میچ کھیلے جائیں گے

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام رواں برس جاری وائیٹلٹی ٹی 20 کرکٹ ٹورنامنٹ میں (جمعہ کو) مزید 8 میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ ڈربی شائر اور ناٹنگھم شائر کی ٹیموں کے درمیان کاؤنٹی گراؤنڈ، ڈربی میں کھیلا جائے گا، دوسرے میچ میں گلیمورگن اور ایسیکس کی ٹیمیں صوفیا گارڈنز، کارڈیف کے مقام پر نبرد آزما ہوں گی، تیسرا میچ یارکشائر اور ووسٹر شائر کے درمیان ہیڈنگلے، لیڈز میں کھیلا جائے گا، چوتھے میچ میں وارکشائر اور نارتھمپٹن شائر کی ٹیمیں ایجبسٹن، برمنگھم کے مقام پر آمنے سامنے ہوں گی، پانچواں میچ لیسٹر شائر اور ڈرہم کے درمیان گریس روڈ، لیسٹر میں کھیلا جائے گا، چھٹے میچ میں کینٹ اور ہمپشائر کی ٹیمیں سینٹ لارنس گراؤنڈ، کینٹربری میں نبرد آزما ہوں گی، ساتواں میچ گلوسٹر شائر اور سمرسیٹ کی ٹیموں کے درمیان کاؤنٹی گراؤنڈ، برسٹل میں کھیلا جائے گا۔

پاکستان ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ میں اپنا پہلا میچ جاپان کے خلاف 10 جون کو کھیلے گا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ میں اپنا پہلا میچ جاپان کے خلاف 10 جون کو کھیلے گا۔ ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ 10 سے 17 جون تک کوریا میں کھیلی جائے گی جس میں 11 ممالک کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پاکستان کو گروپ اے میں ملائیشیا، ہانگ کانگ، تھائی لینڈ، بھارت اور جاپان کے ساتھ رکھا گیا ہے جبکہ گروپ بی میں سنگاپور، سری لنکا، برونائی، تائیوان اور کوریا شامل ہیں۔

لیونل میسی کی انٹر میامی فٹبال کلب جوائن کرنے کی تصدیق

انہوں نے مزید کہا کہ یہ سچ ہے کہ مجھے ایک اور یورپی ٹیم کی طرف سے پیشکش تھی، میسی

ارجنٹائن (سپورٹس نیوز) دنیائے فٹ بال کے سٹار کھلاڑی اور ارجنٹائن کے کپتان لیونل میسی فرانسیسی کلب پیرس سینٹ جرمین (پی ایس جی) کو خیرباد کہنے کے بعد امریکی فٹ بال کلب "انٹر میامی" کو جوائن کر رہے ہیں۔ دنیائے فٹ بال کے شائقین بے تابی سے منتظر تھے کہ فٹ بال سٹار لیونل میسی فرانسیسی کلب پیرس سینٹ جرمین (پی ایس جی) کو خیرباد کہنے کے بعد کون سے کلب کو جوائن کریں گے، اور آخر کار انہوں نے فیصلہ کر لیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں دعوی کیا گیا تھا کہ سٹار فٹبالر پیرس سینٹ جرمن (پی ایس جی) کلب سے معاہدہ ختم ہونے کے بعد سعودی کلب الہلال کو جوائن کریں گے تاہم لیونل میسی نے پرکشش آفر کو ٹھکرا کر امریکی فٹبال کلب انٹر میامی کو جوائن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میسی نے تصدیق کی ہے کہ پی ایس جی سے جون میں معاہدہ ختم ہونے کے بعد اگلے سیزن میں وہ انٹر میامی کے ساتھ منسلک ہونگے اور یورپ چھوڑنے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے۔

بقیہ 1

سیاستدانوں کے گھروں تک پہنچیں گے، شر پسندوں کو انجام تک پہنچانا ہوگا۔ جہانگیر ترین نے کہا ہے کہ گزشتہ چند سال کے واقعات نے معیشت، سیاست کو شدید نقصان پہنچایا ہے، موجودہ صورتحال میں عوام کی امیدیں دم توڑ رہی ہیں، اسی لیے ہم آج یہاں اکٹھے ہوئے ہیں، پاکستان کو دلدل سے نکالنے کیلئے سنجیدہ کوشش کرنا چاہتے ہیں، پاکستان کے زخموں پر مل کر مرہم رکھنا چاہتے ہیں، ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو تقسیم کو ختم اور قوم کو امید کا بیانیہ دے۔ انہوں نے کہا کہ اس لیے ہم آج نئی جماعت کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں، ہم پاکستان کو ترقی کے راستے پر ڈالنا چاہتے ہیں، ہماری سیاست کو ایک نئی سمت کی ضرورت ہے، جمہوری نظام اسی صورت مضبوط ہوسکتا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن اپنی آئینی ذمہ داریوں کو سمجھیں، آنے والے دنوں میں مزید لوگ پارٹی میں شامل ہوں گے، مشترکہ جدوجہد میں ساتھ دینے والوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ آنے والے دنوں میں اصلاحی ایجنڈا سامنے لائیں گے، آئندہ الیکشن میں بہتر سے بہتر نتائج حاصل کریں گے، ہم نے برآمدات کو بڑھانا اور آئی ٹی سیکٹر کو اٹھانا ہے، اس جماعت کا مقصد نوجوانوں کی ترجمانی کرنا ہے، معاشرے کے طبقات کی آواز بنیں گے، ہماری جماعت ترقی اور خوشحالی کی علامت ہوگی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال پر تمام پاکستانی پریشان ہیں، نو مئی کے بعد لوگ فکرمند تھے، ہم نے تمام دوستوں سے رابطہ کرکے مشترکہ جدوجہد کا فیصلہ کیا، جہانگیر ترین نے ہم سب کو اکٹھا کرنے میں بڑے پن کا مظاہرہ کیا، ان کی وجہ سے ہم سب ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے نظر آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ بارہ سال ہم نے اکٹھے ایک پلیٹ فارم پر گزارے، کسی نے اس پارٹی میں 30 اور کسی نے 10 سال گزارے، ہمیں خوشحال پاکستان کا خواب دکھایا گیا تھا، ہم جو کچھ کر سکتے تھے اپنا حصہ ادا کرنے کی کوشش کی، علی زیدی کو خوش آمدید کہتا ہوں، سب دوستوں کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں۔ سابق صوبائی وزیر عبدالعلیم خان نے مزید کہا ہے کہ جہانگیر ترین کی سربراہی میں جدوجہد میں حصہ ڈالیں گے، ہم سب نے فیصلہ کیا جہانگیر ترین کی سربراہی میں ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہوں گے اور ہم ملکر پاکستان کی ترقی میں کردار ادا کریں گے، تمام شرکا کا شکریہ ادا کرتا ہوں آپ کے آنے سے ہمارا جذبہ بڑھ گیا ہے۔

بقیہ 2

ہے کہ پاکستان کو بجٹ پاس کرنے سے پہلے آئی ایم ایف بورڈ کے آخری جائزے کا سامنا کرنا پڑے گا، موجودہ بیل آؤٹ پیکیج کے تحت 9 جون کا بجٹ اہم ہے۔ بجٹ سے قبل پاکستان کے پاس صرف ایک باقی رہ جانے والا بورڈ جائزہ ہوسکتا ہے، بجٹ میں اصلاحات کرنا کامیاب جائزے کی جانب ایک قدم ہے۔ نمائندہ آئی ایم ایف کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ایکسچینج مارکیٹ کو آزادنہ کام کرنے کا موقع دیا جائے، امید ہے پاکستان بجٹ میں آئی ایم ایف کے اہداف کے حصول کو شامل کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو 6 ارب ڈالر کے فنانسنگ گیپ کو پورا کرنا ہے، پاکستان کو 6 ارب ڈالر کیلئے پراعتماد فنڈنگ کی یقین دہانی کی ضرورت ہے۔ ادھر مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما محمد زبیر نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام ختم ہوا تو مدد کیلئے کہیں نہ کہیں جانا پڑے گا۔ پاکستان کی اس وقت اتنی صلاحیت نہیں کہ بیرونی قرضہ ادا کرسکے، آئی ایم ایف پروگرام نہ ہو تو بھی بجٹ کو بیلنس کرنا پڑے گا۔ آئی ایم ایف سے گفتگو کے پیش نظر حکومت کو معاشی امور کا ادراک ہے۔ محمد زبیر نے کہا کہ ایسے اقدامات کرنے ہیں کہ آنے والی نگران حکومت آئی ایم ایف سے روابط رکھے، آئی ایم ایف پروگرام نہ ہوا تو حکومت پلان بی کی طرف دیکھے گی۔ انکا کہنا تھا کہ پاکستان کی معیشت کو مہنگائی، غربت جیسے اور بھی مسائل کا سامنا ہے۔ غریب اور مڈل کلاس چاہتا ہے کہ ملک سے مہنگائی کا خاتمہ ہو، پاکستان کا سب سے بڑا چیلنج مہنگائی ہی ہے۔

بقیہ 3

کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ فارن فنڈنگ کیس کا فیصلہ ہونے میں 6 سال لگے، تاخیری حربے استعمال ہوئے، لاڈلے نے تاخیری حربوں کو استعمال کیا ورنہ آج جیل میں ہوتا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ گڈ ٹو سی یو نے ریلیف نہ دیا ہوتا تو کل عبدالرزاق شر کو شہید نہ کیا جاتا، یہ جرات کہاں سے آتی ہے کہ آپ اپنے خلاف کیسز کی پیروی پر وکیل کو قتل کرادیں؟ انہوں نے کہا کہ کل مقتول وکیل کے بیٹے نے ملزم کو نامزد کرکے پرچہ کرایا ہے، عبدالرزاق شر والے معاملے کے تانے بانے چیئرمین پی ٹی آئی سے ملتے ہیں، پہلے کرپشن کی اور اب وہ شخص قتل پر بھی اتر آیا ہے، یہ کریمنل مائنڈڈ لوگ ہیں جن کا خیال ہے کہ ان کا وجود ریاست سے بڑا ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ پنجاب میں ہر سطح پر ہمارے پاس امیدوار موجود ہیں، پنجاب اسمبلی سے ہماری پارٹی کے صرف 5 لوگ چھوڑ کر گئے تھے، ہم نے کسی کو غدار نہیں کہا اور سب کو واپس لیا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے مزید کہا کہ ہمارے پاس گنجائش ہی نہیں نئے لوگوں کو لینے کی، جہانگیر ترین کے ساتھ ہمارا آئیڈیل ورکنگ ریلیشن شپ ہے، الائنس کا فیصلہ تو پارٹی کرے گی لیکن جہاں ہوسکے گا سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 4

نے قونصلر رسائی کی درخواست کی جو وزارت داخلہ کو بھجوا دی گئی ہے۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث کرداروں کے ساتھ آئین اور قانون کے مطابق سلوک کیا جارہا ہے، پاکستان آئین اور قانون کے مطابق چلنے والا ملک ہے، پاکستان میں تمام شہریوں کو بنیادی حقوق حاصل ہیں، پاکستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ دفتر خارجہ کی ترجمان نے کہا کہ انسداد دہشتگردی پر پاکستان، چین اور ایران کے سہ فریقی مذاکرات ہورہے ہیں، بیجنگ میں ہونے والے مذاکرات میں پاکستانی وفد کی قیادت ڈی جی کاؤنٹر ٹیررازم کررہے ہیں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ کشمیر میں بھارتی افواج کا ظلم و ستم جاری ہے، عالمی برادری سے ایک بار پھر مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

بقیہ 5

ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں نے انتہائی مشکل حالات میں وزارت عظمیٰ کا عہدہ سنبھالا تھا جب پاکستان دیوالیہ کے دہانے پر تھا کیونکہ اس وقت کی حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کی خلاف ورزی کی تھی، معیشت ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھی اور پھر سیلاب اور بارشوں سے بنیادی ڈھانچے اور بڑے پیمانے پر فصلوں کو نقصان ہوا، گزشتہ سال سیلاب سے لاکھوں لوگ متاثر ہوئے، ترکیہ نے بھرپور معاونت کی۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی حالات کی وجہ سے تیزی سے بڑھتی مہنگائی بھی درپیش تھی، اللہ کا کرم ہے کہ ہم نے اس تمام صورتحال کا مقابلہ کیا اور بہترین انداز میں اس سے نمٹنے میں کامیاب رہے۔ وزیراعظم نے آئی ایم ایف پروگرام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے مزید کہا کہ ہم نے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کے تقاضے اور شرائط احسن انداز میں پوری کیں، ملک کو فیٹف کی گرے لسٹ سے نکالنے میں کامیاب ہوگئے ہیں، بلاخوف و تردد کہہ سکتا ہوں کہ بیپناہ چیلنجز کے باوجود ہم نے ان میں کامیابی حاصل کی۔ ہم اب بھی پرامید ہیں کہ آئی ایم ایف کے ساتھ ہمارا معاہدہ حقیقت کا روپ دھارے گا، نویں جائزے کے لیے ہم نے تمام شرائط پوری کردی ہیں، مجھے امید ہے کہ ہمیں اسی مہینے اچھی خبریں ملیں گی۔ سابق وزیراعظم کے حوالے سے بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ حکومت کے سیاسی انتقام کے باوجود کسی نے سرکاری اداروں پر حملہ نہیں کیا، گزشتہ حکومت نے 4 سال میں پوری اپوزیشن کو انتقام کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف کرپشن کے سنگین الزامات ہیں، 9 مئی کو شر پسند جتھوں نے ریاست کی رٹ کو چیلنج کیا، ریاست کے خلاف سنگین اقدامات کی منصوبہ بندی کے ٹھوس ثبوت موجود ہیں، قومی تنصیبات اور یادگاروں کو جس طرح پامال کیا، کسی صورت برداشت نہیں، شر پسند عناصر کو قرار واقعی سزا دی جائے گی۔

بقیہ 6

کہ سرکاری ملازمین کے گریڈ ایک سے گریڈ سولہ تک تنخواہوں میں 30 فیصد اور گریڈ 17 سے گریڈ 22 تک کے افسران کی تنخواہوں میں 20 فیصد اضافہ کیا جائے۔ ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن بڑھانے کا بھی منصوبہ بنایا جارہا ہے۔ جب کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی کی شرح میں مزید 10 روپے اضافے پر غور کررہی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کی شرح میں اضافے سے متعلق حتمی فیصلہ وزیراعظم شہباز شریف کریں گے۔ آئندہ سال کے مالی بجٹ میں پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی پچاس روپے سے بڑھا کر ساٹھ روپے فی لیٹر کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ مزید 10 روپے پٹرولیم لیوی بڑھانے سے 870 ارب روپے حکومت کو حاصل ہوں گے۔ خیال رہے کہ حکومت نے یکم جولائی سے شروع ہونے والے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں فوج کے لئے اٹھارہ سو ارب روپے مختص کرنے کی تجویز دی ہے لیکن اس تجویز کو تنقید کا سامنا ہے۔ کئی ناقدین اسے غیر پیداواری اخراجات کی مد میں رکھتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ اس طرح کے اخراجات میں موجودہ معاشی صورتحال کے پیش نظر کمی لائی جانی چاہیے۔ ہ پاکستان کی معیشت اس وقت بدترین حالات سے گزر رہی ہے۔ ملک پر ایک سو پندرہ ارب ڈالرز سے زیادہ کا قرضہ ہے۔ ٹیکسوں کی وصولی کم ہے۔ ملک میں طاقتور عناصر پر ٹیکس عائد نہیں کیا گیا، جس میں ملک کے جاگیردار اور کچھ طاقتور اداروں کے صنعتی اور کمرشل منافع بخش شعبہ جات بھی شامل ہیں، جنہیں ٹیکس کے معاملے میں رعایت دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ ملکی اشرافیہ کو سترہ بلین ڈالرز سے زیادہ کی سبسڈی دی جاتی ہے اور ٹیکسوں کا سارا بوجھ غریب عوام پر ڈال دیا جاتا ہے۔

بقیہ 7

مقدمات درج کرکے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا پے در پے وارداتوں کی وجہ سے شہریوں شدید خوف ہراس کا شکار تھانہ گوجرخان کی حدود میں 3 وارداتی رپورٹس وارڈ نمبر 19 گھر میں چوری کی واردات چور 30 ہزار نقدی موبائل اور قیمتی سامان 85000 مالیت کا چرا کر لے گئے جبکہ دوسری واردات میں محلہ حافظ آباد کے رہائشی کا گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری جبکہ ایک اور شہری کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان کے باہر سے موٹر سائیکل چوری تینوں وارداتوں کے مقدمات درج جبکہ تھانہ مندرہ کی حدود میں 3 وارداتیں رونما ہوئیں مندرہ موہڑہ مندو کے مقام پر چوری کی واردات میں نامعلوم چور 50 ہزار نقد اور دو لاکھ مالیت کے زیورات چوری کرکے لے جبکہ ڈیرا سیداں سے ایک لاکھ مالیت کی بکریاں چوری کرلی گئیں جبکہ تھانہ مندرہ کی حدود حامد جھنگی کے رہائشی کے دو بکرے نامعلوم مہران کار سوار چرا کر لے گئے جبکہ جھلیاری معظم شاہ دربار کے باہر سے موٹر سائیکل چوری کرلیا گیا تمام وارداتوں کے الگ الگ مقدمات تھانہ مندرہ میں درج کر لیے گئے جبکہ تھانہ جاتلی کی حدود کرنب الیاس میں زیر تعمیر مکان سے نامعلوم چور تقریبا ساڑھے 6 لاکھ مالیت کا سامان چوری کر کے لے گئے جبکہ ڈکیتی کی واردات دولتالہ موڑ ہوئی دو موٹر سائیکل سوار ڈکیت تین موبائل اور 54 ہزار نقدی گن پوائنٹ پر لے اڑے پولیس تھانہ جاتلی نے الگ الگ مقدمات درج کرک اپنی تفتیش کا آغاز کردیا گزشتہ کچھ دنوں سے سرکل کے تینوں تھانے چوروں ڈکیتوں کے نرغے میں پولیس تاحال کسی بھی واردات کو ٹریس نہیں کرسکی

بقیہ 8

اسحاق ڈار نے کہا کہ 2013 میں اقتدار سنبھالا تو 20، 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی تھی، یہ بڑا مشکل چیلنج والا سال تھا، بجٹ چیلنجز پر قابو پانے اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ موجودہ حکومت معاشی استحکام کے لیے کوشاں ہے، رواں مالی سال فی کس آمدن ایک ہزار 568 ڈالر رہی، اگلے مالی سال کے لیے پانچ اہداف مقرر کیے گئے ہیں، روڈ میپ بھی تیار کرلیا، کسان پیکیج، صنعتوں اور آئی ٹی کے شعبوں کی ترقی کو ترجیح دی جائے گی، ترقیاتی پروگرام میں برآمدات، توانائی اور ماحولیات کو فروغ دیا جائے گا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت نے مجموعی معاشی حالات کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے، ہم نے ترقی کی سپیڈ کو تیز کرنا ہے، اس وقت ہم ای پاکستان اور امپاورمنٹ پر بھی کام کررہے ہیں، معاشی استحکام کا حصول اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 9

کی کوشش کی جس پر انھوں نے موٹر سائیکل روکنے کے بجائے موٹر سائیکل پولیس اہلکاروں پر چڑھا دی ایک اہلکار کی ٹانگ فریکچر ہوگی موٹر سائیکل سوار فرار رات نو بجے کے قریب پولیس اہلکار گلیانہ روڈ دلی کے مقام پر لگائے گئے ناکے پر موجود تھے کہ گلیانہ سے گوجرخان شہر کی طرف آنے والے تین مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی جنہوں نے رکنے کی بجائے پولیس پر موٹر سائیکل چڑھادی جس کی زد میں آکر محمد ذیشان نامی پولیس اہلکار شدید زخمی ہوگیا اور اسکی ٹانگ فریکچر ہوگی مشکوک موٹر سائیکل سوار موٹر سائیکل پھینک کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ زخمی پولیس کانسٹیبل کو تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال گوجرخان منتقل کردیا گیا واقع کی اطلاع پر ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او موقع واردات پر پہنچے پولیس کی بھاری نفری علاقے میں ملزمان کی تلاش شروع کردی واقعے کی اطلاع پر ایس پی صدر ہسپتال پہنچے اور زخمی کی تیمارداری کی اور ملزمان کو فی الفور ٹریس کرکے گرفتار کرنے کے احکامات د

بقیہ 10

گئی ہے، پراسیکوٹر جنرل نے درخواست دائر کی جس میں مؤقف اپنایا گیا کہ جوڈیشل مجسٹریٹ سے تحقیقات کیلئے پرویز الٰہی کا اینٹی کرپشن نے جسمانی ریمانڈ مانگا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ نے پرویز الٰہی کو مقدمے سے ہی ڈسچارج کر دیا، سابق وزیراعلیٰ کو مقدمے سے بری کرنے کا حکم قانون کے برعکس ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ پرویز الٰہی کو مقدمے سے بری کرنے کا حکم کالعدم قرار دیا جائے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل لاہور کی مقامی عدالت نے پنجاب اسمبلی میں غیر قانونی بھرتیوں کے الزام میں گرفتار تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے انہیں چودہ روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا تھا۔ عدالت نے اینٹی کرپشن حکام کی طرف سے جسمانی ریمانڈ کی استدعا پر فریقین کے وکلا کے دلائل مکمل ہونے پر محفوظ فیصلہ سنایا، ڈیوٹی مجسٹریٹ جوڈیشل مجسٹریٹ غلام مرتضیٰ ورک نے کیس کی سماعت کی۔ اینٹی کرپشن حکام نے چوہدری پرویز الٰہی کو عدالت میں پیش کیا اور چوہدری پرویز الٰہی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ عدالت نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے چوہدری پرویز الٰہی کو جسمانی ریمانڈ پر دینے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے انہیں چودہ روز کے لئے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ اینٹی کرپشن حکام نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی طرف سے چوہدری پرویز الٰہی کا جسمانی ریمانڈ کی درخواست مسترد کرنے کے فیصلے کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا۔

بقیہ 11

ہوئے۔ خواجہ حارث نے آئندہ ہفتے تک کیس کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل نے کہا کہ عدالت نے ٹرائل کورٹ کی کارروائی کو روک رکھا ہے۔ اگر یہ وقت مانگ رہے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں، عدالت ٹرائل کورٹ کو کارروائی سے روکنے کا حکم واپس لے لے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان کیخلاف توشہ خانہ فوجداری کیس کی کارروائی روکنے کے حکم میں 14 جون تک توسیع کردی، عدالت نے کیس کی سماعت 14 جون تک ملتوی کردی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز توشہ خانہ گھڑی کی جعلی رسیدیں دینے کے الزام میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اور انکی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف فراڈ اور نوسر بازی کا ایک اور مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ مقدمہ تاجر نسیم الحق کی جانب سے تھانہ کوہسار میں درج کرایا گیا۔ مقدمے میں شہزاد اکبر، ذلفی بخاری اور فرح خان کو بھی نامزد کیا گیا۔ مقدمے میں فراڈ، نوسر بازی اور ہیرا پھیری کی دفعات شامل کی گئیں۔ مقدمے میں کہا گیا کہ دستاویز پر جعلی دستخط کیے گئے اور دستاویز کی تحقیقات بھی کرائی گئیں۔ گھڑی کی خرید و فروخت کے حوالے سے ٹرانزیکشن بھی نہیں ہوئی، ملزمان نے واضح طور پر فراڈ اور جعلی دستاویزات بنائے تھے۔ ملزمان پر گھڑی کی فروخت کے معاملے میں جعلی رسیدیں تیار کرنے کا الزام ہے۔

بقیہ 12

نے مقف اپنایا کہ چیئرمین تحریک انصاف کی گرفتاری کیخلاف 9 مئی کو ہونے والے پرتشدد واقعات کے مقدمات میں نامزد 7 ملزموں کو ملٹری کورٹس کے حوالے کیا گیا ہے۔ درخواست کے متن کے مطابق سویلین کے مقدمات ملٹری کورٹ میں نہیں چلائے جاسکتے ہیں، سویلین کے مقدمات ملٹری کورٹ میں چلانے کے لیے ایکٹ میں ترمیم کرنا ہوگی۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ مقدمات میں آرمی ایکٹ 1952 کے سیکشن 59 اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے سیکشن 3 کو شامل کیا گیا ہے، جبکہ عام شہریوں کے خلاف آرمی ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرنا غیر قانونی ہے اور یہ ناصرف بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ورزی ہے بلکہ انٹرنیشنل قوانین کی بھی خلاف ورزی ہے۔ درخواستگزار کے وکیل کے مطابق 23 ویں ترمیم کے بعد سویلین کا ٹرائل ملٹری کورٹ میں نہیں ہوسکتا۔ سرکاری وکیل نے دوران سماعت کہا کہ پہلے ہی ایف آئی آر میں آرمی ایکٹ شامل نہیں ہے، ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر آفیسر اپنی رائے دے چکا ہے۔ بعدازاں عدالت نے وکلا کو کہا کہ تیاری کریں 13 جون کو اس کیس کو دوبارہ سنیں گے اور کیس کی مزید سماعت 13 جون تک ملتوی کردی

بقیہ 13

احمد، شاہنواز، بلال جیلانی، ولید ابرار، راحیل محمود اور رحیم خان کے لواحقین سے افسوسناک واقعہ پر دکھ اور رنج کا اظہار کیا اور جاں بحق نوجوانوں کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی، نگران وزیراعلی نے نوجوانوں کے خاندانوں کو دلاسہ دیا اور صبر جمیل کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ جاں بحق نوجوان اپنے خاندانوں کا سہارا تھے، پنجاب حکومت کی طرف سے مالی امداد آپ کے پیاروں کی جان کا نعم البدل نہیں، جن کے پیارے دنیا سے چلے گئے ان کی جدائی کا دکھ الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا، جاں بحق نوجوانوں کے ورثا کے غم میں برابر کے شریک ہیں، 8 نوجوانوں کا حادثے میں دنیا سے چلے جانا سانحہ سے کم نہیں۔ محسن رضا نقوی نے مزید کہا ہے کہ ہماری تمام تر ہمدردیاں جاں بحق نوجوانوں کے لواحقین کے ساتھ ہیں، پنجاب حکومت غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہے، زخمی نوجوانوں کو علاج معالجے کی تمام ضروری سہولتیں فراہم کی جائیں گی، صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم زخمی نوجوانوں کے علاج معالجے کی خود مانیٹرنگ کریں گے، ریسکیو 1122 کی ٹیم نے ڈیڈ باڈیز کی تلاش کے لئے دن رات کام کیا۔

بقیہ 14

والوں کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 15

کیلئے لازوال قربانیاں پیش کی ہیں۔ اپنے تعزیتی بیان میں وزیر داخلہ نے واقعہ میں دو پولیس اہلکاروں اور ایک سکیورٹی گارڈ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزیر داخلہ نے شہداء کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 16

پر بریفنگ لے رہے تھے۔ سیکریٹری ایکسائز مسعود مختار اور ڈائریکٹر جنرل ایکسائز پنجاب محمد علی بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر ایکسائز نعمان شیخ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رواں سال 4 ارب 93 کروڑ روپے کا ہدف جبکہ تاحال 70 فیصد وصولی کی گئی تاہم باقی دنوں میں ٹارگٹ پورا کرنے کی بھرپور کوشش کی جارہی ہے۔ صوبائی وزیر نے ٹیکس اہداف سے کم وصولی پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا کہ فیصل آباد ڈویژن کو ہدف اور وصولی کا فرق پورا کرنے کے لئے بہت محنت کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ کم ریکوری والے علاقوں میں اچھی کارکردگی والے انسپکٹر تعینات کیے جائیں۔ ٹیکس دہندگان کی ترغیب کے لیے میڈیا پر خصوصی آگاہی مہم چلائی جائے۔ بلال افضل نے یقین دہانی کرائی کہ سٹاف کی کمی اور دیگر مسائل حل کرنے کے لیے ہر ممکن معاونت کروں گا۔ سیکریٹری ایکسائز مسعود مختار نے کہا کہ باقی ریکوری کے لیے روزانہ کی بنیاد پر ٹارگٹ پورا کیا جائے اور اس حوالے سے کسی قسم کا سیاسی دباؤ خاطر میں نہ لایا جائے۔ انہوں زیر التوا مقدمات کو جلد نمٹانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ ڈی جی ایکسائز محمد علی نے کہا کہ نادہندہ جائیدادیں سیل کی جائیں اور سیل توڑنے والوں کو گرفتار کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ باقی نمبر پلیٹس اور سمارٹ کارڈ کی فوری ترسیل کی جائے۔ قبل ازیں بریفنگ میں بتایا گیا کہ فیصل آباد ڈویژن میں 1 لاکھ 62 ہزار سے زائد ڈیفالٹرز کو نوٹس جاری کیے گئے۔ 8551 جائیدادیں سیل کرکے 12 کروڑ 20 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی۔ 32 مقدمات کی وجہ سے 51 کروڑ روپے کی وصولی زیر التوا ہے۔ اس موقع پر سپیشل آڈٹ ٹیم کے سربراہ عدیل امجد نے بتایا کہ 40 کروڑ روپے کی واجب الوصول رقم متعلقہ انسپکٹرز کی خراب کارکردگی کے باعث وصول نہیں ہوسکی اور اب ڈویژن میں باقی ٹارگٹ پورا کرنے کے لیے روزانہ 5 کروڑ کی ریکوری ضروری ہے۔ آڈٹ ٹیم کی سفارش پر انسپکٹر سلیم علوی کو معطل کر دیا گیا جبکہ انسپکٹر میاں ارشاد، محمد ادریس کے خلاف کارروائی کا حکم دیا گیا۔ ابلال افضل نے اعلی کارکردگی پر ایکسائز انسپکٹر عمارہ اور خرم کو نقد انعامات دیے گئے۔ ڈی جی محمد علی نے ایکسائز افسر کو باقی 22 دن کے لیے موثر ریکوری پلان دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں صوبائی وزیر نے زیر تعمیر جھنگ روڈ اور سرکلر روڈ کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد علی عنان قمر اور محکمہ ہائی وے کے حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ بلال افضل نے کہا کہ ہم پنجاب میں اہم ترین 137 سڑکوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروا رہے ہیں

بقیہ 17

ٹنڈو جان محمد پولیس کو اس حوالے سے درجنوں درخواستیں دیں، مظاہرے کیے لیکن ٹنڈو جان محمد پولیس نے کوئی ایکشن نہیں لیا مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ ایک ریٹائر پولیس اہلکار حلیم جروار کی سرپرستی میں یہ سب کام ہورہا ہے ہم نے اس کے خلاف ڈی ایس پی جھڈو اور پی ایس ٹنڈو جان محمد کو درخواستیں دی مگر اسکے خلاف کارروائی نہیں کی جبکہ مذکورہ سابق اہلکار ہمیں دھمکیاں دے رہا ہے مظاہرین نے ایس ایس پی میر پور خاص، ڈی آئی جی میر پور خاص اور آئی جی سندھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا اور ٹنڈو جان محمد پولیس اسٹیشن کی حد میں منشیات کے اڈے ختم کرنے کا مطالبہ کیا اس موقع پر مظاہرین نے مطالبات کے حق میں نعرے بازی کی۔

بقیہ 18

تاہم موجودہ حکومت جلد اس صورتحال پر قابو پالے گی، وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتیں بڑی مشکل سے نظام چلا رہی ہیں۔ وہ جمعرات کو یہاں پریس کلب ایبٹ آباد میں صحافیوں سے بات چیت کر رہے تھے۔ اس موقع پر اس موقع پر جمیعت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا انیس الرحمٰن، ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا غلام مجتبیٰ، مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر حاجی محبت اعوان، جنرل سیکرٹری ذوالفقار جاوید عباسی، چیمبر آف کامرس کے مرکزی رہنما حاجی افتخار خان، کامرس کالجز پروفیسر ایسوسی ایشن ہزارہ کے صدر قاری شفیق الرحمٰن عباسی، علمائے کرام کے علاوہ پریس کلب کے منتخب عہدیداران بھی موجود تھے۔

بقیہ 19

یا مدارس قربانی کی کھالیں جمع کرنا چاہتا ہے تو وہ ڈپٹی کمشنر آفس میں رجسٹریشن کرا سکتا ہے، اجازت ملنے پر ہی وہ قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواہش مند فلاحی تنظیمیں اور مدارس وغیرہ 15 جون تک ڈپٹی کمشنر آفس میں اپنے درخواست جمع کرادیں، جانچ پڑتال کے بعد ان کی رجسٹریشن کی جائے گی اور اجازت نامہ جاری کیا جائے گا

بقیہ 20

شوکت اور نسیم شاہ کو چیک دیئے گئے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر لاہور ڈویژن ناظم الدین، انفرمیشن آفیسر عظمیٰ رباب اور سپرنٹنڈنٹ مسعود احمد بھی موجود تھے۔ طالبات نے چیک وصول کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی، وزیر اطلاعات عامر میر، سیکرٹری انفرمیشن اور ڈی جی پی آر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انٹرنشپ پروگرام دوران انہیں اپنی فیلڈ سے متعلق بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔

بقیہ 21

رہا تھا جسے نامعلوم وجوہات کی بنا پر قصوری چکی میں بند کردیا گیا تھا چکی سے نکالنے کے لئے جیل حکام مقتول سے 25 ہزار روپے رشوت طلب کررہے تھے رشوت نہ دینے کی پاداش میں تشدد کا نشانہ بنایا گیا مبینہ تشدد اور قصوری چکی میں مسلسل بند رہنے کے باعث نوجوان کی موت واقع ہوئی جیل اہلکار مقتول کو مردہ حالت میں ہسپتال چھوڑ کر فرار ہوگیا

بقیہ 22

بنانے کی ضرورت پر زور دیا انہوں نے کہا کہ عوام کو محفوظ ماحول فراہم کرنا قانونی اداروں کی ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو پورا کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے آر پی او راولپنڈی نے عوام کو تحفظ فراہم کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے

بقیہ 23

بات ہے، بنیادی صحت کی دیکھ بھال، غذائیت، متعدی بیماریوں پر قابو پانے کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا، موسمیاتی اور ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے گرین الائنس کے لیے بھی مشترکہ طور پر کام کرنا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک امریکا کے درمیان ہیلتھ ڈائیلاگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاک امریکا ہیلتھ ڈائیلاگ کے دوسرے دور میں آپ سب کا خیر مقدم کرنا میرے لئے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ پاکستان اور امریکا کی حکومتوں کے درمیان دوستی کے تعلقات کی تاریخ 75 سال سے زائد پرانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی حکومت کی جانب سے پاکستان کے صحت کے شعبے میں تعاون کی تاریخ تین دہائیوں سے بھی زیادہ پرانی ہے۔

بقیہ 24

آرٹیکل 248 کے تحت صدر مملکت کو فریق نہیں بنایا جا سکتا، درخواست میں عوامی مفاد اور بنیادی حقوق کے سوال بارے نہیں بتایا گیا۔ رجسٹرار آفس نے اعتراض عائد کیا کہ 184 تھری کے استعمال سے متعلق اٹھائے گئے نکات تسلی بخش نہیں۔ درخواست گزار نے کسی دوسرے فورم پر نہ ہی رابطہ کیا اور نہ وجہ بتائی، درخواست تحریر کرنے والے وکیل کا نام بھی نہیں بتایا گیا۔ سپریم کورٹ رجسٹرار آفس نے درخواست پر اعتراضات عائد کر کے واپس کردی۔ یاد رہے کہ امتیاز نامی شہری نے صدر عارف علوی کی نا اہلی کیلئے درخواست دائر کی تھی۔ درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ ڈاکٹر عارف علوی عمران خان کی ایماء پر قانون سازی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کررہے ہیں۔ صدر مملکت عارف علوی کا جھکاؤ ایک مخصوص سیاسی جماعت کی طرف ہے۔ صدر مملکت کا اپنی آئینی ذمہ داریوں سے انکار کرنا ظاہر کرتا ہے کہ وہ صدر کیلئے عہدے کیلئے اہل نہیں۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ صدر ایک سیاسی جماعت سے منسلک اور جانبدار ہیں۔ عارف علوی نے حکومت کی قانون سازی کو سیاسی جماعت کے چیئرمین کے کہنے پر منظور نہیں کیا جبکہ اس سے قبل بھی سپریم کورٹ میں صدر عارف علوی کی نااہلی کی درخواست دائر کی گئی تھی تاہم سپریم کورٹ آف پاکستان نے صدر مملکت عارف علوی کو نا اہل قرار دینے کی درخواست خارج کر دی تھی۔ سپریم کورٹ نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی نا اہلی کیلئے دائر درخواست سماعت کیلئے مقرر کی تھی۔

بقیہ 25

علی نے ہمیشہ اپنے تھانہ کی حدود میں موجود شر پسند و جرائم پیشہ افراد کو علاقہ بدر ہونے پر مجبور کیا ہے سب انسپکٹر اصغر علی ایک دلیر، ذہین، معاملہ فہم، دور اندیش، اور سحر انگیز شخصیت کے مالک ہیں، ان کی دائمی مسکراہٹ نے پولیس ملازمین اور شہریوں کے دل جیت لیے ہیں ان کی محنت، ایمانداری اور میرٹ پسندی نے فسران کو ان کا گرویدہ کردیا اور شہر بھر میں عمدہ کارکرگی پر ائی جی پنجاب کی طرف سے ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں اے ایس آئی سے سب انسپکٹر پوموٹ کیا جس پر علاقہ کے مختلف مکاتب فکر کے حامل افراد کی طرف سے انہیں مبارک باد

بقیہ 26

کرنے، غصہ پر قابو پانا اور شہریوں سے برتاؤ کے متعلق لیکچر دیا، تربیتی ورکشاپس کا مقصد تفتیشی افسران کو موقعہ سے شواہد اکھٹے کرنے اور موثر تفتیش پر تربیت فراہم کرنا ہے، ایس ایس پی آپریشنز۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر تفتیش کے معیار کو بہتر بنانے لیے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

بقیہ 27

معاشی استحکام آئے گا، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری کا فروغ اور کاروبار کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، گزشتہ حکومت کے دور میں دنیا کی 24 ویں بڑی معیشت کو 47 ویں پوزیشن پر پہنچا کر اداروں کو کھوکھلا کر دیا گیا۔ جمعرات کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج ملک معاشی اور سفارتی محاذ پر جن مشکلات کا سامنا کر رہا ہے وہ سابق حکومت کی ناقص پالیسیوں کا نتیجہ ہے، موجودہ حکومت نے گزشتہ سوا سال میں معاشی اور سفارتی حالات کو بہتر کرنے کی کوشش کی۔ سب سے پہلے حکومت نے آئی ایم ایف سے بات شروع کی۔ پچھلی حکومت آئی ایم ایف پروگرام چلانے میں ناکام رہی، جب پروگرام دوبارہ شروع ہونیلگا تو اسے سبوتاژ کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت میں آنے کے بعد ہم نے زرمبادلہ کے ذخائر میں استحکام لانا تھا۔ کسان پیکیج کے ذریعے 18 سو ارب روپے جاری کیے گئے۔ اس سال دو کروڑ بہتر لاکھ میٹرک ٹن گندم پیدا ہوئی۔ ہماری حکومت نے دنیا کے دیگر ممالک ساتھ جا کر تعلقات بحال کیے۔ 2022 میں ہمیں سفارتی سطح پر تنہا کرنے کی کوشش کی گئی۔ ہم آہستہ آہستہ ملک کو ان حالات سے نکالنے کی کوشش کررہے ہیں

بقیہ 28

شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن زنیرہ اظفر۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انویسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کرکے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 29

سابق وزراء سے رابطے تیز کردیئے گئے۔ ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پارٹی کیلئے کئی نام زیر غور ہیں اور منشور کی تیاری کا کام بھی تیز ہوگیا۔ صوبائی حقوق نئی سیاسی جماعت کے منشور میں سر فہرست ہے، قبائلی علاقوں کی محرومیاں ختم کرنے کیلئے بھی اقدامات اجاگر کئے جائیں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز جہانگیر ترین نے علیم خان کے گھر عشائیے پر نئی سیاسی جماعت استحکام پاکستان پارٹی کا باضابطہ اعلان کیا تھا۔ عبدالعلیم خان نے اپنی رہائش گاہ پر جہانگیر ترین اور ان کے گروپ کے اعزاز میں عشائیہ دیا جس میں ملک بھر سے سو کے قریب رہنماؤں نے شرکت کی۔ سندھ سے عمران اسماعیل علی زیدی، محمود مولوی، جے پرکاش۔ فاٹا سے جی جی جمال اور کے پی کے سے اجمل وزیر عشائیے میں شریک ہوئے۔ پنجاب سے مراد راس، فیاض چوہان، فردوس عاشق اعوان، نعمان لنگڑیال اور نوریز شکور شریک ہوئے۔ جہانگیر ترین نے علیم خان کے گھر عشائیہ میں نئی جماعت کا اعلان کیا۔

بقیہ 30

وجوابات کے ایک وسیع سیشن کا اہتمام بھی کیا گیا۔ صدر سینٹر فار ایرواسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز، ایئر مارشل عاصم سلیمان) ریٹائرڈ (نے تمام سفارشات کا خلاصہ پیش کرتے ہوئے اختتامی کلمات کہے۔ سیمینار میں اس بات پرزور دیا گیا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ برابری، باہمی احترام اور تصفیہ طلب مسائل، بالخصوص تنازعہ جموں وکشمیر کے پرامن حل اور ایک ہمسایہ ملک کی حیثیت سے اچھے تعلقات کا خواہاں ہے۔ تاہم، بھارت کا کشمیر پر بامعنی بات چیت سے انکار اور اسکی جبری تسلط پسند پالیسیاں دونوں ممالک کے درمیان تنازعات اور تناؤ کا باعث بنتی رہی ہیں۔ قصوری صاحب نے اس امر پر بھی زور دیا کہ کشیدگی اور دشمنی کا ماحول نہ تو پاکستان کے مفاد میں ہے اور نہ ہی ہندوستان کو اس سے کوئی خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ انہوں نے اس امر پرزور دیا کہ آگے بڑھنے کا واحد راستہ دوطرفہ پرامن مذاکرات ہیں۔ نریندر مودی کے اس بیان کو رد کرتے ہوئے کہ "انہوں نے مسئلہ کشمیر حل کر دیا ہے"، قصوری صاحب نے اس بات پرزور دیا کہ "مسئلہ کشمیر زندہ ہے اور تاوقت تک رہے گا جبتک کشمیری عوام بھارتی ناجائز قبضے کو قبول کرنے سے انکار کرتی رہے گی"۔ سابق وزیر خارجہ نے امریکہ کی موجودہ انڈو پیسفک حکمت عملی کا بھی تذکرہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس حکمت عملی کا بنیادی مقصد چین کی بڑھتی ہوئی طاقت کا مقابلہ کرنا اور بھارت کو چین کے مدمقابل لا کھڑا کرنا ہے۔ بھارت کو امریکہ کے ساتھ کئی دفاعی معاہدوں میں شریک کیا گیا ہے۔ ان حالات وواقعات کے پاکستان پر سنگین اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔ اپنے اختتامی کلمات میں سینٹر فار ایرواسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز لاہور کے صدر، ائیر مارشل عاصم سلیمان) ریٹائرڈ (نے پاکستان کی بھارت کے ساتھ برابری اور باہمی احترام کی بنیاد پر اچھے تعلقات کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی جدوجہد کرنے والی عوام کے حق خودارادیت پر بھی بات کی، جسے غیر قانونی بھارتی اقدامات سے دبایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماضی میں پاک بھارت تعلقات کو استوار کرنے کے اچھے مواقع گنوا دیئے گئے اور جنگی ایک لمبی تاریخ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت کے ساتھ تعلقات اب بھی بامعنی اور بلاتعطل بات چیت، اعتماد سازی اور لچک دکھا کر بہتر ہو سکتے ہیں۔ سیمینار کے اختتام پر صدر CASS نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 32

خلاف کاروائی کے دوران پولیس اہلکار پر مقدمہ ہوجائے تو بیوی کا زیور تک بیچنا پڑتا تھا، چارج سنبھالنے کے بعد شہدا سے ملنے گیا تو بیشتر کے پاس اپنی چھت نہ تھی، شہیدوں کے بچوں کی بھرتی کے قوانین سخت تھے، ترامیم اور ویلفیئر کی بہت گنجائش تھی، شہداء کے بچوں کی بھرتی میں حائل بے جا رکاوٹوں کو دور کیا گیا ہے، الحمدللہ آج خوشی سے کہہ سکتا ہوں کہ شہداء کے تمام بچوں کو بھرتی کیا جارہا ہے، 2017 سے پہلے کے شہدا کو گھر نہ ملے اس کے لیے بھی ہمیں کچھ کرنا ہے، ایسے شہدا کی فیملیز کی دیکھ بھال کیلئے اپنے وسائل سے انڈومنٹ فنڈ قائم کیا گیا ہے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہا کہ مقدمات کا سامنا کرنے والے پولیس ملازمین کے لیے لیگل ایڈ فنڈ بنایا گیا ہے، کسی پولیس افسر کو مقدمہ کے لیے بیوی کا زیور نہیں بیچنا پڑھے گا، کانسٹیبل کی ویلفیئر پر 120 کروڑ روپے سے زائد خرچ کر رہے ہیں، اس سے زیادہ پیسے دیں گے، فورس کا مورال بلند کرنے کیلئے 20 کروڑ انعام دیا، آئندہ بھی حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے، میرے نزدیک لیڈر شپ یہ ہے کہ مستقبل کے لیے لیڈر تیار کیا جائے، لیڈر شپ یہ نہیں کہ افسر کا دفتر عالی شان ہو، ماتحت کا دفتر مخدوش ہو، لیڈر شپ خدا کے خوف اور سب کو برابر عزت دینے میں ہے، ایس ایچ اوز اور دیگر افسران کو اپنی فورس سے رابطہ بڑھانا ہوگا، گزشتہ چار ماہ میں پولیس فورس میں ریکارڈ پروموشنز کی گئیں، پٹرولنگ پولیس میں پروموشن اسی ہفتے ہوگی، وزیراعلیٰ اور چیف الیکشن کمیشن کا شکرگزار ہوں جنہوں نے پروموشن کی اجازت دی، پولیس فورس کی 90 فیصد ہیلتھ سکریننگ مکمل کی گئی، اگلے مرحلے میں ملازمین کے اہل خانہ کی سکریننگ کروائیں گے، 16 ہزار سے زائد افسران وا ہلکار امراض میں مبتلا ہیں جن کا بہترین اداروں سے علاج کروائیں گے، میں بطور آئی جی پنجاب فورس کے ہر شخص کو جوابدہ ہوں، ہم آپ سے خدمت خلق کیلئے نیا عزم و حوصلہ چاہتے ہیں، اپنے جذبے کو ختم نہ ہونے دیجیے گا، پنجاب پولیس میں جزا اور سزا کسی بھی دوسرے محکمہ سے کہیں سخت ہے، جہاں غلطی ہوگی وہاں احتساب بھی ہوگا، ہم سب جوانمردی سے لڑیں گے، پاکستان کو محفوظ بنائیں گے اور ملک کی خدمت کریں گے۔

بقیہ 33

امتناع بھی دے رکھا ہے۔

بقیہ 34

ایک گروپ بنایا گیا تھا، ہاشم ڈوگر اور مراد راس گروپ کو 3 ارکان نے خیر باد کہہ دیا جس کے بعد گروپ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گیا تھا۔ سابق اراکین اسمبلی راجہ یاور کمال، مامون تارڑ اور رائے اسلم نے جہانگیر ترین سے ملاقات میں ان پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہاشم ڈوگر اور مراد راس گروپ کو چھوڑنے کا اعلان کیا تھا۔ جہانگیر ترین نے راجہ یاور کمال، مامون تارڑ اور رائے اسلم کو اپنے گروپ میں شامل ہونے پر خوش آمدید کہا۔ دوسری جانب اسلام آباد میں پرویز خٹک کی رہائش گاہ سیاسی سرگرمیوں کا مرکز بن گئی۔

بقیہ 35

سے ہوئی، واقعہ کا مقدمہ تھانہ صادق آباد میں درج کیا جا رہا ہے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی نے بروقت رسپانس اور ملزمان کی گرفتاری پر ایس پی راول اور ڈولفن ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 36

۔ میں 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتی ہوں اور چیف آف آرمی سٹاف سے یہ اپیل کرتی ہوں کہ ان شر پسندوں کو سخت سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے شر پسند واقعات نے شہدا کے بچوں کو شدید دکھ پہنچایا۔ شہید نائب صوبیدار محمد فاروق عباسی کی بیٹی کا کہنا تھا کہ میرے بابا نے سیاچن گلیشئر پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، یہ میرے لیے فخر کا باعث ہے۔ دکھ تو ہوتا ہے لیکن شہادت ہر کسی کے نصیب میں نہیں ہوتی۔ مجھے فخر ہے کہ میں ایک شہید کی بیٹی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ 9 مئی کے بارے میں کہنا چاہوں گی کہ میں اس کی مذمت کرتی ہوں جو بھی ہوا وہ بہت دل سوز واقعہ تھا۔ آج اس ملک میں ہم بیٹھے ہیں تو صرف ہمارے شہدا کے خون کی وجہ سے، ان کی قربانیوں کی وجہ سے ہم یہاں سکون سے راتوں کو سوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شر پسندوں کو سزا ملنی چاہیے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ میرے بابا کے دشمن ہیں، یہ میرے ملک کے دشمن ہیں۔ میں اپنے لیڈرز کو پیغام دینا چاہوں گی کہ آپ کی جو بھی سیاسی وابستگی ہو اور جو بھی آپ کے مابین کرائسس ہیں، وہ آپ اپنے تک رکھیں۔ یہ ملک ہمارا ہے اس ملک کو ہم نے اپنا خون دیا ہے۔ یہاں پہ ہمارے لوگ شہید ہوئے ہیں۔ انہوں نے اس مٹی کو اپنے خون سے ذرخیز کیا ہے، تو پلیز اپنے سیاسی مفاد کے لیے اس ملک کے ساتھ ایسا نہ کریں۔ یہ ہم سب کا ملک ہے۔

بقیہ 37

کیمپس 1781 ایکڑ، علامہ اقبال کیمپس 48 ایکڑ، گجرانوالہ کیمپس 10 ایکڑ، جہلم کیمپس 26 ایکڑ اور خانس پور میں تین ایکڑ جگہ ہے۔ پنجاب یونیورسٹی نے 863 ایکڑ مختلف کرایہ داروں کو معمولی لیز پر دے رکھی ہے۔ لاہور کے پوش ترین علاقے میں یہ جگہ صرف 80 ہزار سے نوے ہزار فی ایکڑ کے حساب سے لیز پر دی گئی ہے۔ اسی مقام پر فی مرلہ جگہ کی مالیت چالیس سے پچاس لاکھ ہے۔ پنجاب یونیورسٹی حکام کی کمزوری کوڑیوں کے مول لیز پر دی گئی جگہ کے کرائے کی وصولی میں بھی ناکام۔ کرایہ داروں کے ذمے 63 لاکھ 74 ہزار 749 کی رقم واجب الادا ہے۔ لیز پر زمین حاصل کرنے والے خوش نصیبوں میں ارشد عمران 159 ایکڑ، عامر محمود 38 ایکڑ، احمد شعیب 137 ایکڑ اور حاجی بشیر 126 ایکڑ شامل ہیں۔

بقیہ 38

شہری کو تنکا برابر بھی نقصان نہیں پہنچا اس سے قبل شر پسندوں میں سے ایک ملزم نے اہم انکشاف کیے، ملزم علی رضا اوکاڑہ سے لاہور آیا تھا جو اب قانون کی گرفت میں آچکا ہے۔ ملزم علی رضا نے انکشاف کیا کہ وہ اوکاڑہ سے حملے کی نیت سے لاہور آیا، پارٹی قیادت کی تقاریر فوج دشمنی کا باعث بنیں۔ 9 مئی کو طے شدہ منصوبہ بندی کے تحت کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کیا گیا۔ شر پسند نے بتایا کہ پی ٹی آئی کی لیڈر شپ جن میں یاسمین راشد، اعجاز چوہدری اور حسان نیازی شامل تھے، ان کے ساتھ مل کر جناح ہاؤس پر جلاؤ گھیراؤ کا حصہ بنے۔ ملزم نے مزید بتایا کہ یہ سب پارٹی قیادت کی فوج مخالف تقاریر کا نتیجہ ہے، تقاریر سے متاثر ہوکر ہم لوگوں نے یہ سب کچھ کیا اور جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کا حصہ بنے تھے۔

بقیہ 39

پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی ہے تاہم اب مسرت جمشید چیمہ اور جمشید چیمہ نے جہانگیر ترین سے ملاقات کی تردید کرتے ہوئے تصویر کو پرانا کہہ دیا ہے۔ دونوں کا کہنا ہے کہ ہم نے سیاست سے علیحدگی کا اعلان کیا ہے، نہ کسی جماعت میں شامل ہوئے ہیں اور نہ ہوں گے۔ خیال رہے کہ گزشتہ شب پاکستان تحریک انصاف کے سابق سینئر رہنما علیم خان کی رہائش گاہ پر عشائیہ ہوا۔ اس عشائیے کے دوران جہانگیر ترین گروپ کی جانب سے نئی جماعت کا اعلان کیا گیا۔ 100 کے قریب سابق ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے نئی جماعت میں شامل ہونے کا اعلان کیا۔ پاکستان تحریک انصاف کو خیر باد کہنے والے فواد چودھری نے جہانگیر ترین گروپ میں شامل ہونے کا فیصلہ کرلیا۔ بیماری کے باوجود فواد چودھری نے عبدالعلیم خان کے عشائیے میں شرکت کی، سابق صوبائی وزیر فیاض الحسن چوہان بھی پارٹی میں شامل ہوں گے۔ سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل، سابق وفاقی وزیر علی حیدر زیدی، ڈاکٹر نادیہ عزیز، محمد اقبال، محسن رضا، سعید اکبر نوانی، راشد اکبر، فیصل جبوانہ، میاں وارث، میاں کاشف، غلام محمد لالی، تیمور بھٹی، مہر اسلم بھروانہ جہانگیر ترین کے ساتھ شامل ہوگئے۔ دوسری طرف نو مئی کے واقعات کے بعد پارٹی کو خیر باد کہنے والوں میں عامر کیانی، محمود مولوی، راجہ یاور کمال، فردو عاشق اعوان، رانا نذیر، پیر سعید الحسن شاہ، عمیر نذیر، خالد محمود، جاوید انور اعوان، جلیل شرقپوری، رائے اسلم، جے پرکاش، فاٹا سے جی جی جمال، اجمل وزیر، ملک نعمان لنگڑیال، نوریز شکور، بھی جہانگیر ترین گروپ میں شامل ہوں گے۔

بقیہ 40

والے اراکین قومی اسمبلی وسینٹ کے خلاف انضباطی کارروائی کرکے ڈی سیٹ کردیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ این ای سی کے اجلاس کا بائیکاٹ بھی مرکزی حکومت کے رویے کی وجہ سے کیا گیا۔ وزیراعلی بلوچستان نے کہا کہ بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کی وجہ وفاقی حکومت کی بلوچستان کے لیے سرد مہری ہے، بلوچستان شدید مالی مسائل کا شکار ہے، ان مسائل کی بنیادی وجہ وفاقی حکومت کا عدم تعاون ہے۔

بقیہ 41

، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا

بقیہ 42

اختیار سے تجاوز ہے، بینک اکاؤنٹس کو بنیاد بنا کر شروع کی گئی چھان بین پہلے سے ظاہر کردہ ہے۔ وکیل نے مؤقف اپنایا کہ نیب نے ریفرنس دائر کرنے سے قبل میڈیا کو جھوٹی اور بے بنیاد خبریں دے کر نیب قوانین کی خلاف ورزی کی جس پر نیب افسران کو سزا دی جائے، فرح خان اور احسن گجر نیب کیخلاف ہتک عزت کی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

بقیہ 43

30 جون 2023ء تک توسیع کر دی ہے۔ قبل ازیں حکومت نے ان پرائز بانڈز کو نقد کرانے کے لیے 30 جون 2022ء کی تاریخ مقرر کی تھی، تاہم جو لوگ مقررہ مدت میں یہ پرائز بانڈز تبدیل نہیں کرا سکے انہیں آخری موقع دیتے ہوئے اس کی تاریخ میں 30 جون 2023 تک توسیع کردی گئی۔ مذکورہ پرائز بانڈز کے سرمایہ کاروں کو انہیں نقد کرانے یا تبادلے کے لیے درج ذیل آپشنز دیئے ہیں ان میں ظاہری مالیت پر نقد کراتا

بقیہ 44

اسی مدت کے مقابلہ میں 4.9 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں جاپان میں کام کرنے والے پاکستانیوں نے 65.5 ملین ڈالر کا زرمبادلہ ملک ارسال کیا تھا، اپریل میں جاپان سے ترسیلات زر کا حجم 5.1 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو مارچ میں 6.7 ملین ڈالر اور گزشتہ سال اپریل میں 7.7 ملین ڈالر تھا، واضح رہے کہ جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں سمندر پار پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں سالانہ بنیادوں پر 13 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 45

13 خواتین ملزمان کو 14 روز کے لئے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ گذشتہ سماعت پر پاکستان تحریک انصاف کی خواتین رہنماؤں نے جیل میں تشدد کی تردید کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ہمارے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہوئی، ہمیں جیل میں رکھنا زیادتی تھی۔ پاکستان تحریکِ انصاف کی خواتین کارکنان اور رہنما جنھیں 9 مئی کو جناح ہاؤس پر حملہ اور جلاؤ گھیراؤ کے بعد حراست میں لیا گیا تھا، انہیں انسداد دہشت گردی کی عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ تھانہ سرور روڈ پولیس نے تحریکِ انصاف سے وابستہ خواتین ملزمان کو گذشتہ روز شناخت پریڈ مکمل ہونے پر عدالت پیش کیا۔ خواتین ملزمان میں صنم جاوید، طیبہ راجہ، عالیہ حمزہ سمیت سات دیگر شامل تھیں۔ اس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے جیل میں تشدد کے حوالے سے سوال کا جواب دیتے ہوئے صنم جاوید کا کہنا تھا کہ جیل میں ہمارے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہوئی، ہمیں جیل میں رکھنا ہی زیادتی تھی کیونکہ ہم نے کچھ کیا ہی نہیں تو رکھنا ہی نہیں چاہیے تھا۔ اس موقع پر عالیہ حمزہ کا کہنا تھا کہ آدھی رات کو عورتوں کو گھروں سے اٹھا کر گھسیٹ کرلانے اس سے زیادہ آپ عورتوں کی کیا تذلیل کریں گے۔

بقیہ 46

جارج غوری ولد جارج سردار سکنہ محلہ فضل آباد سرسید چوک راولپنڈی سے شراب 8 عدد بوتل برآمد کرلی جبکہ تھانہ صدر حسن ابدال کے سب انسپکٹر محمد اصغر نے ملزم شفقت محمود ولد جنگ زیب ساکن ڈھوک جمعہ پتھر گڑھ سے 570 گرام چرس برآمد کرلی ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمات درج کرلیے گئے

بقیہ 47

غیر قانونی اسلحہ پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم محمد فرید سکنہ کائیاں تحصیل حویلیاں ضلع کھوٹہ سے غیر قانونی اسلحہ پسٹل 30 بور ایمونیشن اور ملزم محمد اعجاز ولد سکنہ ڈھوک رتہ نزد بھوسہ گودام راولپنڈی سے غیر قانونی اسلحہ پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرلئے۔ تینوں ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ آرڈیننس کے تحت مقدمات درج کرلیے گئے

بقیہ 48

250 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی جائے گی

بقیہ 49

سرگرمیوں کے حوالے سے کہا کہ ان کی خواہش ہے کہ آئندہ سال سپورٹس میں 50 طالبات اپنا نام کامیابی کے سکور بورڈ پر ثبت کریں۔ انہوں نے کہا کہ کھیلیں ذہنی و جسمانی ہم آہنگی کا بہترین امتزاج ہیں جو جسم کو چست اور توانا رکھنے کے ساتھ ساتھ سپورٹس مین شپ کی خصوصیات سے ہمکنار کرتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے پراونشل لیگ کی میزبانی کی ذمہ داری بھی جی سی ویمن یونیورسٹی فیصل آباد کو سونپ دی ہے جس کیلئے وہ ان کی مشکور ہیں۔

بقیہ 50

کا ذمہ دار عمران خان کو قرار دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ وکیل عبدالرزاق کے قتل میں چیئرمین پی ٹی آئی کو نامزد کیا جائے گا، کوئٹہ میں وکیل عبدالرزاق کو ٹارگٹ کرکے قتل کیا گیا جو بار کے سرگرم رکن تھے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف ایک کیس بلوچستان ہائیکورٹ میں زیر سماعت تھا، کیس کے وکیل اور درخواست گزار کو ٹارگٹ کلنگ کرکے شہید کیا گیا، عمران خان کے خلاف سنگین غداری کے کیس کی سماعت ہونا تھی۔ انکا کہنا تھا کہ یہ ٹارگٹ کلنگ کوئی معمولی واقعہ نہیں، وکیل عبدالرزاق کے قتل کے ذمے دار عمران خان ہیں، انہیں کیس میں نامزد کیا جائے گا۔ قتل کی شفاف تحقیقات کو یقینی بنایا جائے گا۔ چیئرمین پی ٹی آئی اگر جیل میں ہوتے تو آج یہ واقعہ نہ ہوتا، گزشتہ روز کوئٹہ کے ائیرپورٹ روڈ پر مسلح افراد نے فائرنگ کرکے سپریم کورٹ کے وکیل عبدالرزاق کو قتل کردیا تھا۔

بقیہ 51

یف کیخلاف تھا، جو آمدن نواز شریف نے کبھی لی ہی نہیں، کہا گیا اسے چھپایا گیا، سپریم کورٹ نے یک جنبش قلم ان کے بنیادی حقوق بھی ختم کیے، عدلیہ کی ساکھ اگر متنازع ہوگئی ہے تو اس کو ٹھیک کریں گے، ہم ان چند ججز کے ساتھ نہیں کھڑے جو آئین قانون کو ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں۔

بقیہ 52

رمحمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو قرار واقعی سزادلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، سنگین مقدمات میں مطلوب ملزمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 53

سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 28 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں پی ایس او کے 10.54 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔ مئی 2023 میں پی ایس او کے 0.60 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو اپریل کے مقابلے میں 4 فیصد زیادہ ہے۔ اپریل میں پی ایس او کے 0.58 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی۔ مئی میں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں سالانہ بنیادوں پر 51 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ گزشتہ سال مئی میں پی ایس او کے 1.22 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو رواں سال مئی میں کم ہوکر 0.60 ملین ٹن ہوگئی

بقیہ 54

لی گئی لیکن وہ حدود تھانہ صدر بیرونی کی تھی

بقیہ 55

جی جمال، اجمل وزیر، ملک نعمان لنگڑیال، نوریز شکور، بھی جہانگیر ترین گروپ میں شامل ہوئے۔ 100 کے قریب سابق ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے نئی جماعت میں شامل ہونے کا اعلان کیا۔ پاکستان تحریک انصاف کو خیر باد کہنے والے فواد چودھری نے جہانگیر ترین گروپ میں شامل ہونے کا فیصلہ کرلیا۔

بقیہ 56

سنگھ اور سردار جھنگ سنگھ کی سربراہی میں پاکستان آنے والے یاتریوں کا استقبال متروکہ وقف املاک بورڈ کی جانب سے ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز رانا شاہد سلیم نے کیا۔ اس موقع پر پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے پردھان سردار امیر سنگھ و ممبران کمیٹی بھی موجود تھے۔ سکھ یاتریوں کے گروپ کے سربراہ و دیگر مہمانوں کو گلدستے پیش کیے گئے۔ ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز رانا شاہد سلیم نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سکھ یاتریوں کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے،

بقیہ 57

دن کے موقع پر ملک بھر میں بچوں کے حقوق کیلئے کام کرنے والی انجمنوں، سکولوں، کالجوں، نوجوانوں کی تنظیموں، میڈیا، خواتین کی تنظیموں اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام سیمینارز، مذاکرے، واکس اور تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے ماہرین چائلڈ لیبر سے پیدا شدہ صورتحال کے متعلق لیکچر دیں گے۔ بچوں کی مشقت کے خلاف عالمی دن کی بنیاد انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن نی 2002 میں رکھی تھی۔ ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں کروڑوں بچے گھریلو حالات سے مجبور ہوکر مشقت کررہے ہیں چائلڈ لیبر کا شکار ان بچوں اور بچیوں کی عمریں 5 سے 15 برس کے درمیان ہے ان میں، بہت سے بچے غریب گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں جہاں سے انہیں تعلیم اور مناسب خوارک کی سہولتیں حاصل نہیں ہوتی ہیں

بقیہ 58

) پاکستان جھوٹا دعویٰ کررہی ہے کہ انہوں نے کراچی کی آبادی میں 30 لاکھ کا اضافہ کیا، جو طریقہ کار اختیار کیا گیا وہ فراڈ ہے لہذا چیزیں سامنے لائی جائیں۔

بقیہ 59

کیے گئے جن میں سے 2 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، اس طرح مثبت کیسز کی شرح 0.08 فیصد رہی اور اس دوران کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 7 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ اسلام آباد میں 520 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے ایک ٹیسٹ مثبت آیا اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 0.19 فیصد رہی

بقیہ 60

۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے کھلے عام پیٹرول کی فروخت کرنے والے 03 ملزمان یاسر، فہد اور وقار کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے کھلا پیٹرول اور دیگر متعلقہ آلات برآمد ہوئے، صادق آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے غیر قانونی گیس سلنڈرز کی ریفلنگ کرنے والے 04 ملزمان حکمت، رحمت، عمران اور السلام کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے گیس سلنڈرز اور دیگر متعلقہ آلات برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 61

وائرل ہونے والی ویڈیو جس میں ایک نوجوان پر تشدد کیا جارہا تھا جس کے سر کے بالوں کو بھی ستون کے ساتھ باندھ کر کاٹا جارہا تھا کے پیش نظر آئی جی آزاد کشمیر خالد چوہان کی خصوصی ہدایت پر ایس ایس پی ریاض مغل نے سردار افتخار کی سربراہی میں دی گئی ٹیم کے ہمراہ ٹھنڈی کسی چھاپہ مار کر چھ ملزمان کو گرفتار کرکے حوالات بند دیگر دو ملزمان کے لیے چھاپے جاری اہم انکشافات کی توقع کی جارہی ہے ادھر عوام علاقہ نے بروقت پولیس کی کارروائی کو سراہا اور ملزمان کو سخت سے سخت سزا دلوائی جائے قانون کے مطابق تاکہ آئندہ اس قسم کا جرم سرزد نہ ہوسکے۔۔

بقیہ 62

کی ترقی کے لیے صاف شفاف انتخاب کی ضرورت ہے، ملک میں شفاف الیکشن نتائج کے بجائے امن پسند لوگوں کو 25 کروڑ عوام پر مسلط کیا گیا۔ حکمران اتحاد میثاق جمہوریت کرنے والے پھر لوگوں کو دھوکا دینا چاہتے ہیں، پاکستان کے عوام میں اعتماد پیدا کرکے دائمی استحکام کو بنانے کی ضرورت ہے۔ 9 مء کے بعد اسٹیبلشمنٹ اور طاقتور ہوگئی ہے۔ سیاست کو ذاتی انامت بناؤ۔ سیاست کو بند گلی میں مت جانے دو۔ پاکستان پر ایسی تقسیم مسلط کی گئی جس سے ملک مشکلات سے دوچار ہے۔ تبدیلی، انقلاب دو نہیں ایک پاکستان پر بیانیہ ناکام ہے۔ سیاست کو ذاتی دشمنیوں میں مت بدلو، آئین کی ہر قیمت پر حفاظت کرنا ہوگی۔ سیاسی کارکن نئے گھونسلے تلاش کررہا ہے۔

بقیہ 63

اور پلیٹ فارمز سمیت ویٹنگ رومز میں لائٹس اور پنکھوں کا بھی معائنہ کیا۔ مزید برآں ڈی ایس ریلوے لاہور نے گارڈز اور ڈرائیورز رننگ رومز کا معائنہ کیا اور رننگ رومز میں دستیاب سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ سٹیشن کے دورے کے دوران ڈی ایس ریلوے کا کہنا تھا کہ کم وسائل میں رہتے ہوئے ریلوے سٹیشنوں اور ٹرینوں میں مسافروں کو بہترین سہولیات دینے کیلئے کوشاں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسافر ریلوے کا قیمتی اثاثہ ہیں تاہم مسافروں کی خدمت، حفاظت اور سہولیات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 64

کیا ہے اور حکومت شادیانے بجا رہی ہے۔ شیخ رشید کا کہنا تھا کہ جتنی مرضی منصوبہ بندی کرلی جائے ہوگا وہی جو اللہ کو منظور ہوگا، آئین، قانون اور عوام کا کہیں ذکر نہیں، 9 مئی کے واقعہ کی ساری قوم مذمت کرتی ہے اور عظیم فوج کے ساتھ کھڑی ہے، لیکن چہرے بدلنے اور جیلیں بھرنے سے لوگوں کی رائے نہیں بدلی جاسکتی۔ 9 مئی کیواقع کی ساری قوم مذمت کرتی ہیاور عظیم فوج کیساتھ کھڑی ہیلیکن چہریبدلنیاور جیلیں بھرنیسیلوگوں کی رائے نہیں بدلی جاسکتی لوگوں کیگھروں میں بھوک اور ننگ ہے قوم ایکشن کیرو PDM سیانتقام لیگی منصوبہ سازوں نے زمینی حقائق سیآنکھیں بند کررکھیں ہیں قوم اللہ اور عدلیہ کیطرف دیکھ رہی ہیسابق وزیر داخلہ نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جو معیشت آصف زرداری جیل میں پڑھ کرآئے وہ 2013، 2008 اور موجودہ 14 ماہ کی تھی، آئی ایم ایف سے چھٹی، دوست ممالک کی مالیاتی کٹی، ن لیگ فارغ، غریب تباہ و برباد، آٹا، ڈالر مہنگا اور نایاب یہ ہیں

بقیہ 65

نقدی اور موٹر سائیکلیں چھین لئے گئے، گرین ٹاون میں ڈاکو رضوان کے گھر سے 3 لاکھ 85 ہزار کے زیورات اور نقدی، اسلام پور میں ڈاکو عاطف کی بیکری سے 3 لاکھ 41 ہزار، اسلام پورہ دکان سے 1 لاکھ 20 ہزار ہیئر میں افتخار کے گودام سے 80 ہزار روپے، گارڈن ٹاون سے ڈاکو عدنان سے 4 لاکھ، فیکٹری ایریا سے ڈاکو جمیل سے 3 لاکھ، گلشن اقبال سے ڈاکو شکیل سے 4 لاکھ، گلشن راوی سے ڈاکو اکرم سے 3 لاکھ مالیت کی نقدی وموبائل فون چھین کرفرار ہوگئے

بقیہ 66

۔ حکام کے مطابق شاہ میر سے پستول اور 8 گولیاں بھی برآمد ہوئی ہیں۔ مردوں کو تھانہ انارکلی اور خاتون کو خواتین پولیس اسٹیشن منتقل کردیا گیا، اعلیٰ افسر کے پوچھ گچھ کرنے پر خاتون مشکوک پائی گئیں

CORRIGENDUM

The advertisement tender notice published in Daily Newspaper "Nai Baat" through IPL No 4145 dated 01.06.2023 the tender will be issued to the participating contractors / firms having valid registration with Pakistan Engineering Council in the field of specialization of Electrical Works with PEC code EE04 and EE05. The other terms and conditions will remain the same.

Executive Engineer
BuildingsDivision
Chakwal

Superintendent Engineer
BuildingsCircle No.2
Rawalpindi

IPL:4338

سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیخلاف درخواستوں پر سماعت ملتوی

جسٹس شاہد وحید طبیعت ناسازی کی وجہ سے دستیاب نہیں، بنچ نامکمل ہونے کی وجہ سے سماعت غیر معینہ مدت تک مخر کر دی گئی ہے

حکومت کی جانب سے پیش کیا گیا سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل پارلیمنٹ سے منظوری اور صدر مملکت کے دستخط کے بعد قانون بن گیا ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ 2023 کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق جسٹس شاہد وحید طبیعت ناسازی کی وجہ سے دستیاب نہیں، بنچ نامکمل ہونے کی وجہ سے سماعت غیر معینہ مدت تک مخر کر دی گئی ہے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 8 رکنی لارجر بنچ نے کیس کی سماعت کرنا تھا۔ واضح رہے کہ حکومت کی جانب سے پیش کیا گیا سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل پارلیمنٹ سے منظوری اور صدر مملکت کے دستخط کے بعد قانون بن گیا ہے، لیکن اس قانون کے بنتے ہی اس کے خلاف سماعت بھی مقرر کردی گئی تھی۔ عدالت نے اٹارنی جنرل سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر رکھا ہے جبکہ سپریم کورٹ نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ پر حکم (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: آصف ملک (سی ای او) رئیل انویسٹمنٹ مارکیٹنگ نے اپنے نئے پروجیکٹ ROCKERY5 مری کے حماد حسن مصطفیٰ (ڈائریکٹر) اے 5 گروپ کے ساتھ مارکیٹنگ کے حقوق کے لیے (MOU) پر دستخط کیے۔

راولپنڈی سیف سٹی اتھارٹی سمیت تمام پراجیکٹس پر کام یقینی بنایا جائیگا IG پنجاب

چارج سنبھالا تو سپاہی سے ڈی ایس پی تک سینکڑوں پروموشنز تاخیر کا شکار تھیں، ڈاکٹر عثمان انور

ہم سب جوانمردی سے لڑیں گے، پاکستان کو محفوظ بنائیں گے اور ملک کی خدمت کریں گے، آئی جی پنجاب

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی آمد، فورس سے خطاب، تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی آمد پر فورس سے خطاب کیا، آر پی او راولپنڈی سید خرم علی، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی، ڈی پی اوز اٹک، جہلم، چکوال، ایس ایس پی سپیشل برانچ، ایس پی پٹرولنگ، ریجنل آفیسر سی ٹی ڈی، چیف ٹریفک آفیسر، ریجن کے دیگر سینئر افسران ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تمام یونٹس کی شرکت۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ راولپنڈی سیف سٹی اتھارٹی سمیت تمام پراجیکٹس پر کام یقینی بنایا جائے گا، چارج سنبھالا تو سپاہی سے ڈی ایس پی تک سینکڑوں پروموشنز تاخیر کا شکار تھیں، جرائم پیشہ عناصر کے (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: آج پی ٹی آئی سے روح نکل گئی: مریم اورنگزیب

ہاشم ڈوگر کا ڈیمو کریٹس گروپ ختم کرنے کا اعلان

سب دوست اپنی مرضی سے مستقبل کا فیصلہ کریں، میں کسی جماعت میں شامل نہیں ہو رہا

سابق اراکین اسمبلی راجہ یاور کمال، مامون تارڑ اور رائے اسلم نے جہانگیر ترین سے ملاقات کی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) ہاشم ڈوگر نے ڈیمو کریٹس گروپ ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیر داخلہ پنجاب کرنل (ر) ہاشم ڈوگر نے سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ پنجاب میں ڈیمو کریٹس گروپ ختم ہو چکا ہے، سب دوست اپنی مرضی سے مستقبل کا فیصلہ کریں۔ سابق رہنما پی ٹی آئی نے واضح کرتے ہوئے کہا کہ میں کسی جماعت میں شامل نہیں ہو رہا اور آخری وقت تک پی ڈی ایم کے خلاف ہی سیاست کروں گا۔ یاد رہے کہ تحریک انصاف کو خیرباد کہنے والے ارکان پر مشتمل (بقیہ نمبر 34)

صادق آباد کے علاقہ راول روڈ پر کار سوار سے راہزنی کا واقعہ

ڈولفن فورس کا بروقت رسپانس دونوں ڈاکو گرفتار، اسلحہ برآمد

شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) صادق آباد کے علاقہ راول روڈ پر کار سوار سے راہزنی کا واقعہ، ڈولفن فورس کا بروقت رسپانس دونوں ڈاکو گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد کے علاقہ راول روڈ پر موٹر سائیکل سوار ملزمان نے اسلحہ کی نوک پر کار سوار سے لیپ ٹاپ نقدی اور دیگر اشیاء چھین کر فرار ہو رہے تھے، ڈولفن فورس نے تعاقب کیا تو ملزمان موٹر سائیکل پر قابو نہ رکھتے ہوئے فٹ پاتھ سے ٹکرا گئے، ڈولفن ٹیم نے دونوں ملزمان کو موقع سے تحویل میں لے لیا، ملزمان کی شناخت عبداللہ اور صغیر کے ناموں (بقیہ نمبر 35)



اسلام آباد: وکیل قتل کیس: چیئرمین پی ٹی آئی کی 14 دن کی حفاظتی ضمانت منظور

بلوچستان عوامی پارٹی کا بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کا فیصلہ

ان مسائل کی بنیادی وجہ وفاقی حکومت کا عدم تعاون ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

اسلام آباد (خبر نگار) بجٹ سے قبل وفاقی حکومت کو بڑا دھچکا لگ گیا، بلوچستان عوامی پارٹی نے بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر، وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے پارٹی سینیٹرز اور اراکین قومی اسمبلی کو ہدایات جاری کر دیں۔ بلوچستان حکومت نے 55 ارب روپے کے واجبات کی عدم ادائیگی کے بعد فیصلہ کیا، بلوچستان عوامی پارٹی نے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس کا بھی بائیکاٹ کیا تھا۔ عبدالقدوس بزنجو کا کہنا تھا کہ پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کرنے (بقیہ نمبر 40)

تصویر پرانی ہے، مسرت جمشید اور جمشید چیمہ کی جہانگیر ترین سے ملاقات کی تردید

لاہور (جنرل رپورٹر) نو مئی کے واقعات کے بعد پاکستان تحریک انصاف چھوڑنے والے جمشید چیمہ اور ان کی اہلیہ مسرت جمشید چیمہ کی ایک تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے، جس میں انہیں نے جہانگیر ترین کے ساتھ خوشگوار ماحول میں ملاقات کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر تصویر وائرل ہوئی تو قیاس آرائیاں کی گئی کہ دونوں نے جہانگیر ترین کی (بقیہ نمبر 39)

جناح ہاؤس حملے میں لوگوں کو اکسایا کہ انقلاب آ گیا

کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کی منصوبہ بندی پہلے سے زمان پارک میں کی گئی

چیئرمین پی ٹی آئی نے فوج کے خلاف ہمارے ذہنوں میں جو بھرا تھا وہ اثر انداز ہوا

لاہور (خصوصی رپورٹر) جناح ہاؤس لاہور پر حملے کا ایک اور شرپسند بے نقاب ہو گیا۔ حاشر خان نامی شرپسند سند جو ناحافظ پر حملہ کے دوران انقلاب کے نعرے لگاتے رہا۔ حاشر خان درانی انصاف یوتھ ونگ لاہور کا انفارمیشن سیکرٹری ہے، جس نے اپنے بیان میں اعتراف کیا ہے کہ میں نے نعرے لگائے کہ لوگوں انقلاب مبارک ہو ہم فوجیوں سے جان چھڑائیں گے۔ شرپسند حاشر خان درانی نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کی منصوبہ بندی پہلے سے زمان پارک میں کی گئی جس کے تحت ہم نے حملہ کیا۔ پی ٹی آئی کی قیادت نے حملے کا منصوبہ بنایا جس میں یاسمین راشد، محمود رشید اور شیخ امتیاز شامل تھے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے فوج کے خلاف ہمارے ذہنوں میں جو بھرا تھا وہ اثر انداز ہوا۔ میں نے حملے کے وقت وہاں ویڈیو بھی بنائی تھی۔ میں نے جھنڈا لہراتے ہوئے کہا تھا کہ یہ کور کمانڈر ہاؤس نہیں بلکہ خان ہاؤس ہے۔ شرپسند نے کہا کہ اس سب عمل کے دوران فوج کا رویہ بہت مثبت تھا، ہماری فوج نے کسی عام (بقیہ نمبر 38)

پنجاب یونیورسٹی حکام کی نااہلی، اراضی کا ایک اور بڑا اسکینڈل سامنے آ گیا

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی حکام نے لاہور کے پرکشش علاقے کی مہنگی ترین جگہ کوڑیوں کے مول لیز پر دے دی۔ 43 کرایہ داروں کو لیز پر دی جانے والی 1542 ایکڑ جگہ برلب نہر علامہ اقبال ٹاؤن، جوہر ٹاؤن، مسلم ٹاؤن اور پنجاب یونیورسٹی کیمپس کے سنگم میں واقع ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کے پاس 1868 ایکڑ جگہ موجود ہے۔ قائد اعظم (بقیہ نمبر 37)

شہدا کے اہل خانہ کا 9 مئی کے شرپسندوں کو کڑی سزا دینے کا مطالبہ

9 مئی کا جو سانحہ پیش آیا اس کا ہمیں بہت زیادہ دکھ ہے، شعیب علی شہید کی غمزدہ اہلیہ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) شہدا کے غمزدہ گھر والوں نے 9 مئی کے شرپسندوں کو کڑی سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ نہ صرف پاک فوج کے دشمن ہیں بلکہ میرے، آپ کے اور ہمارے ملک کے دشمن ہیں۔ سانحہ 9 مئی کی مذمت کرتے ہوئے حوالدار شعیب علی شہید کی غمزدہ اہلیہ کا کہنا ہے کہ 9 مئی کا جو سانحہ پیش آیا اس کا ہمیں بہت زیادہ دکھ ہے۔ ہم اپنے شہدا کی چھوٹی سی چیز کو نیچے گرنے نہیں دیتے اور شرپسندوں نے شہدا کی تصویروں اور پاک فوج کی تنصیبات کو اس قدر پامال کیا (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف موثر کارروائیاں

03 ملزمان گرفتار، 77 بوتل شراب اور 28 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج

ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف موثر کارروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، 77 بوتل شراب اور 28 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق چکری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم صدیق الرحمان کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 77 بوتل شراب برآمد ہوئی، ریس کورس پولیس نے ملزم واصف کو گرفتار کر کے 08 لیٹر شراب برآمد کی، سول لائنز پولیس نے ملزم زاہد افضل کو گرفتار کر کے ملزم سے 20 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔ ملزم سے 77 بوتل شراب برآمد ہوئی، ریس کورس پولیس نے ملزم واصف کو گرفتار کر کے 08 لیٹر شراب برآمدگی، سول لائنز پولیس نے ملزم زاہد افضل کو گرفتار کر کے ملزم سے 20 لیٹر شراب برآمدگی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے (بقیہ نمبر 41)

آمدن سے زائد اثاثوں کا کیس، فرح خان اور انکے شوہر نے نیب طلبی پر جواب جمع کرا دیا

لاہور (نیوز رپورٹر) فرح خان اور ان کے شوہر نے آمدن سے زائد اثاثوں سے متعلق کیس میں جواب جمع کرا دیا۔ تفصیلات کے مطابق نیب نے آمدن سے زائد اثاثوں کے کیس میں آج فرح خان اور انکے شوہر احسن جمیل گجر کو طلب کر رکھا ہے تاہم انہوں نے اپنے وکیل کے ذریعے نیب طلبی کا جواب جمع کرا دیا۔ رپورٹ کے مطابق وکیل اظہر صدیق نے کہا کہ نیب کو پرائیویٹ بزنس کے معاملے پر تحقیقات کا کوئی اختیار نہیں ہے، فرح خان اور انکے شوہر کا اپنا کاروبار ہے۔ نیب کی تحقیقات اپنے دائرہ (بقیہ نمبر 42)

جناح ہاؤس حملے میں ملوث 13 خواتین کا 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ منظور

تمام 13 خواتین کی شناخت پریڈ میں شناخت ہو چکی، مال مسروقہ، پٹرول پمپ اور دیگر سامان برآمد کرانا ہے

عالیہ حمزہ کا کہنا تھا کہ آدھی رات کو عورتوں کو گھروں سے اٹھا کر گھسیٹ کر لانے اس سے زیادہ آپ عورتوں کی کیا تذلیل کریں گے

لاہور (نیوز رپورٹر) 5 روزہ ریمانڈ کے بعد تحریک انصاف کی خواتین رہنما اور کارکنان عالیہ حمزہ، صنم جاوید خان، طیبہ راجہ کو انسداد دہشت گردی عدالت پہنچا دیا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت لاہور نے جناح ہاؤس حملے میں ملوث 13 خواتین کو 14 روز کے لئے جوڈیشل کر دیا۔ جناح ہاؤس حملے میں ملوث 13 خواتین کو جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت پیش کیا گیا۔ تفتیشی افسر نے کہا کہ تمام 13 خواتین کی شناخت پریڈ میں شناخت ہو چکی ہے۔ مال مسروقہ، پٹرول پمپ اور دیگر سامان برآمد کرانا ہے۔ عدالت ملزمان کا مزید جسمانی ریمانڈ منظور کرے۔ عدالت نے پولیس کی استدعا مسترد کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 45)

لندن: لندن: ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث 500 سے زائد پاکستانیوں کی شناخت ہو گئی

وفاقی حکومت نے منسوخ شدہ پرائز بانڈز کو نقد کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی حکومت نے منسوخ شدہ پرائز بانڈز کو نقد کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی ہے۔ سٹیٹ بینک کی طرف سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی حکومت نے عوام الناس کی سہولت کے لیے 7,500 روپے، 15,000 روپے، 25,000 روپے اور 40,000 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کا تبادلہ/نقد کرانے کا ایک اور موقع فراہم کرتے ہوئے ان کی تاریخ میں (بقیہ نمبر 43)

جاپان میں کام کرنے والے پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 4.9 فیصد کمی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) جاپان میں کام کرنے والے پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 4.9 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے اپریل 2020 تک کی مدت میں جاپان میں کام کرنے والے پاکستانیوں نے 62.3 ملین ڈالر کا زرمبادلہ ملک ارسال کیا جو گزشتہ مالی سال کی (بقیہ نمبر 44)

پشاور: سویلین کیسز ملٹری کورٹ میں چلانے کیلئے آئین کی تشریح کی ضرورت ہے: عدالت

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری

07 ملزمان گرفتار، 05 کلو کے قریب چرس اور 40 گرام آئس برآمد،

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری، 07 ملزمان گرفتار، 05 کلو کے قریب چرس اور 40 گرام آئس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے ملزم البرٹ مسیح سے 01 کلو 260 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم یونس سے 550 گرام چرس، ملزمہ آسیہ بانو سے 150 گرام چرس اور 40 گرام آئس، ملزم وقار سے 510 گرام چرس، ملزم زاہد سے 120 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم اجمل سے 01 کلو 150 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم عمران سے 01 کلو (بقیہ نمبر 48)

اٹک پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے پر تین افراد گرفتار کر لئے

اٹک (نیوز رپورٹر) تھانہ پنڈیگھیب پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے پر تین افراد گرفتار کر لئے۔ اے ایس آئی محمد ایوب تھانہ پنڈیگھیب نے ملزم بصیر احمد سکنہ محلہ مولا پنڈی گھیب سے (بقیہ نمبر 47)

حسن ابدال پولیس نے تین ملزمان کو گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد کر لی

حسن ابدال پولیس کی جانب سے سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

حسن ابدال (اسپیشل رپورٹر) حسن ابدال پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں جاری ہیں، 03 ملزمان گرفتار کر کے ان سے چرس اور شراب برآمد کر لی۔ حسن ابدال پولیس کی جانب سے سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اے ایس آئی محمد وقار تھانہ سٹی حسن ابدال نے ملزم نوید فیصل ولد اعجاز احمد ساکن محلہ مہر آباد سے 1500 گرام چرس اور ملزم ہارون (بقیہ نمبر 46)

وکیل کے قتل کے مقدمہ میں عمران خان کی حفاظتی ضمانت منظور

اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کی 14 دن کی حفاظتی ضمانت منظور کی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے کوئٹہ قتل کے مقدمہ میں عمران خان کی 14 دن کی حفاظتی ضمانت منظور کر لی، سپریم کورٹ کے وکیل عبدالرزاق شر کے قتل کا مقدمہ گذشتہ دن عمران خان کے خلاف درج کیا گیا۔ مقتول کے بیٹے کی مدعیت میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور دیگر کیخلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ ایف آئی آر میں قتل اور انسداد دہشت گردی ایکٹ سمیت دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق عبدالرزاق شر کے قتل کا مقدمہ شہید جمیل کاکڑ تھانے میں درج کیا گیا۔ عمران خان نے مقدمے میں ضمانت حاصل کرنے کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا یاد رہے کہ کوئٹہ کے ائیر پورٹ روڈ پر وکیل عبدالرزاق کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا تھا، مقتول عمران خان کیخلاف سنگین غداری کیس میں درخواست گزار تھا، آرٹیکل 6 کے تحت سنگین غداری کیس میں کارروائی پر آج ساعت بھی مقرر ہے۔ جبکہ وزیر اعظم کے معاون خصوصی عطاء اللہ تارڑ نے سپریم کورٹ کے وکیل کے قتل (بقیہ نمبر 50)

القادر ٹرسٹ کیس میں بریک تھرو ہوا ہے، کچھ مزید شواہد سامنے آئے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی کے کچھ رشتے داروں کو بھی ڈونیشنز آئے

ملک کو وہاں لیجایا جا رہا ہے جہاں چند ججز پارلیمان کا قانون بھی نہیں مانتے، عرفان قادر

190 ملین پاؤنڈز ریاست کا کہہ کر لائے مگر گئے کسی فرد واحد کے اکاونٹ میں، اس سے ملکی خزانے کو ٹیکس کی مد میں بھی بڑا نقصان ہوا

عدلیہ کی ساکھ اگر متنازع ہو گئی ہے تو اس کو ٹھیک کریں گے، ہم ان چند ججز کے ساتھ نہیں کھڑے جو آئین قانون کو ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر اعظم کے معاون خصوصی عرفان قادر نے کہا ہے کہ ملک کو ایسی طرف لے جایا جا رہا ہے جس میں چند ججز پارلیمان کے قانون کو بھی نہیں مانتے، اس پر ہم سب کے تحفظات ہیں۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی عرفان قادر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ القادر ٹرسٹ کیس میں بریک تھرو ہوا ہے، کچھ مزید شواہد سامنے آئے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی کے کچھ رشتے داروں کو بھی ڈونیشنز آئے، 190 ملین پاؤنڈز ریاست کا کہہ کر لائے مگر گئے کسی فرد واحد کے اکاونٹ میں، اس سے ملکی خزانے کو ٹیکس کی مد میں بھی بڑا نقصان ہوا۔ عرفان قادر نے بتایا کہ ساڑھے 4 ارب روپے سابق خاتون اول کی دوست کے اکاؤنٹ میں گئے، سپریم کورٹ کو اس پر سوموٹو لینا چاہیے جو پیسہ پاکستان سرکار کے لیے آیا تھا، جنرل فیض کے کوئی آمدن سے زائد اثاثے ابھی تک سامنے نہیں آئے، اگر آئے تو یقیناً نیب اس کو دیکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کیس میں مریم بی بی کو کلیئر کیا جا چکا ہے، یہی کیس نواز شر (بقیہ نمبر 51)

مکہ مکرمہ: پاکستانی عازمین کو 24 گھنٹے حرم ٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا ہے، ترجمان مذہبی امور

فیصل آباد گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی کے نیو کیمپس میں سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر کیلئے 5 ایکڑ زمین مختص کر دی گئی

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی کے نیو کیمپس میں سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر کیلئے 5 ایکڑ زمین مختص کر دی گئی ہے اور خواہش ہے کہ آئندہ آنے والے وقت میں تمام قومی کھیلوں کا انعقاد جی سی ڈبلیو یو فیصل آباد سپورٹس کمپلیکس میں ہی ہو۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ فاروق نے کھیلوں کی (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی دو تھانوں کی عمارتیں اپنی حدود سے باہر واقع

تھانہ صدر بیرونی، تھانہ دھمیال کی عمارت صدر بیرونی کے علاقہ میں قائم

پولیس سٹیشن دھمیال کے 3 ملازمین کیخلاف ایف آئی آر صدر بیرونی میں درج کرنا پڑی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کے 3 پولیس تھانوں کی عمارتیں اپنی حدود سے باہر واقع ہیں۔ جرائم کنٹرول کرنے اور امن و امان برقرار رکھنے کے لئے عام طور پر تھانے کے لیے مقررہ حدود میں اہم مقام کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ جہاں سے وہ با آسانی اپنی حدود میں واقع علاقوں کی نگرانی کر سکیں لیکن یہ بات کسی عجوبے سے کم نہیں کہ راولپنڈی کے دو تھانے یعنی صدر بیرونی اور دھمیال اپنی مقررہ حدود سے باہر واقع ہیں۔ تھانہ صدر بیرونی کی عمارت اپنی حدود سے کئی کلومیٹر دور دوسرے ڈویژن کے تھانہ سول لائنز کی حدود میں واقع ہے جب کی کچھ ماہ قبل قائم کیا گیا نیا پولیس سٹیشن دھمیال بھی اپنی حدود سے باہر تھانہ صدر بیرونی کے علاقہ میں واقع ہے۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ اگر ان دونوں تھانوں میں قابل دست اندازی پولیس جرم وقوع پذیر ہو تو یہاں کا ایس ایچ او خود اپنے تھانے میں کارروائی نہیں کر سکتا بلکہ وہ قانونی کارروائی کے لئے اس تھانے کو رپورٹ کرے گا جس کی حدود میں اس تھانے کی عمارت قائم ہے۔ اس قانونی تقاضے کو مد نظر رکھتے ہوئے چند دن قبل تھانہ دھمیال کے سابق ایس ایچ او اور دو ملازمین کیخلاف ایف آئی آر ان کے اپنے پولیس سٹیشن کے بجائے تھانہ صدر بیرونی میں درج کی گئی کیونکہ رشوت تھانہ دھمیال میں (بقیہ نمبر 54)

کلر سیداں پولیس کی کارروائی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

ملزم نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے زیام اسد کو قتل کر دیا تھا

سنگین مقدمات میں مطلوب ملزمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) کلر سیداں پولیس کی کارروائی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار، ملزم نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے زیام اسد کو قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم توصیف کو گرفتار کر لیا، ملزم نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے زیام اسد کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ 02 روز قبل مقتول کے والد کی مدعیت میں تھانہ کلر سیداں میں درج کیا گیا تھا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کو شک تھا کہ مقتول کے اس کی بہن کے ساتھ مراسم ہیں، واقعہ میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے ریڈز کیے جا رہے ہیں، ایس پی صد (بقیہ نمبر 52)

پاکستان سٹیٹ آئل کی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں 11 ماہ کے دوران 28 فیصد کمی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان سٹیٹ آئل کی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 28 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ او سی اے سی اور انڈسٹری کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے مئی تک کی مدت میں پی ایس او کے 7.66 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی (بقیہ نمبر 53)

تحریک انصاف 9 مئی جیسے واقعات کے لیے نہیں بنی تھی، علی زیدی

ہم نے بہت کوشش کی کہ چیزیں مشاورت سے آگے بڑھیں لیکن انسان صرف کوشش کر سکتا ہے

کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں ہے، سیاسی وابستگی بدلنے کے بعد علی زیدی کی گفتگو

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سابق سینئر رہنما علیم خان کی رہائش گاہ پر عشائیہ ہوا، عشائیہ میں راجا یاسر ہمایوں، ملک خرم، مراد راس، میاں خالد و دیگر شریک ہوئے۔ اس عشائیہ کے دوران جہانگیر ترین گروپ کی جانب سے نئی جماعت کا اعلان کیا گیا۔ علی زیدی، فواد چودھری اور عمران اسماعیل بھی جہانگیر ترین گروپ میں شامل ہوئے۔ سیاسی وابستگی بدلنے کے بعد علی زیدی نے کہا کہ جو نو مئی کو ہوا میرا نہیں خیال کے پی ٹی آئی اس کے لیے بنی تھی۔ ہم نے بہت کوشش کی کہ چیزیں مشاورت سے آگے بڑھیں لیکن انسان صرف کوشش کر سکتا ہے کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ علی زیدی نے علیم خان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے نئی پارٹی کے لیے نیک تمناؤں کا بھی اظہار کیا۔ نو مئی کے واقعات کے بعد پارٹی کو خیرباد کہنے والوں میں عامر کیانی، محمود مولوی، راجہ یاور کمال، فردوس عاشق اعوان، رانا نذیر، پیر سعید الحسن شاہ، عمیر نذیر، خالد محمود، جاوید انور اعوان، جلیل شرقپوری، رائے اسلم، جے پرکاش، فاٹا سے جی (بقیہ نمبر 55)

بھارت سے 170 سکھ یاتری جوڑ میلہ تقریبات میں شرکت کیلئے پاکستان پہنچ گئے

لاہور (جنرل رپورٹر) بھارت سے 170 سکھ یاتری جوڑ میلہ کی تقریبات میں شرکت کیلئے واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچ گئے۔ گورو ارجن دیو جی کی تقریبات کے لیے سردار گوربچن (بقیہ نمبر 56)

ڈی آئی جی میرپور آزاد کشمیر خالد چوہان کی ہدایت

کوٹلی ریاض مغل نے ڈی ایس پی سردار افتخار کی سربراہی میں چھاپہ مار ٹیم تشکیل دی

سیری (نیوز رپورٹر) ڈی آئی جی میرپور آزاد کشمیر خالد چوہان کی ہدایت پر ایس ایس پی کوٹلی ریاض مغل نے ڈی ایس پی سردار افتخار کی سربراہی میں چھاپہ مار ٹیم تشکیل دی جس کی سربراہی خود ڈی ایس پی کر رہے تھے ایس ایچ او چڑہوئی چوہدری مہتاب اسلم اے ایس آئی سردار عابد و دیگر ملازمین میں افضال احمد محمد سفیان اور دیگر ملازمین میں تھانہ پولیس چڑہوئی کی معہ نفری ایس ایچ او شامل نے سوشل میڈیا پر (بقیہ نمبر 61)

کھلے عام پٹرول کی فروخت کرنے اور غیر قانونی گیس سلنڈرز کی ریفلنگ کرنے والے 07 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی کارروائی، کھلے عام پٹرول کی فروخت کرنے اور غیر قانونی گیس سلنڈرز کی ریفلنگ کرنے والے 07 ملزمان گرفتار، کھلا پٹرول، گیس سلنڈرز اور دیگر متعلقہ آلات برآمد، مقدمات درج (بقیہ نمبر 60)

24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 2 کیس رپورٹ ہوئے، قومی ادارہ صحت

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) قومی ادارہ صحت) این آئی ایچ (نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 2 کیس رپورٹ ہوئے اور 7 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ جمعرات کو این آئی ایچ کی طرف سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 2 ہزار 366 ٹیسٹ (بقیہ نمبر 59)

پیپلز پارٹی میئر سے متعلق خوش فہمی میں مبتلا ہے، حافظ نعیم الرحمن

کل ہمارے 63 لوگ کراچی میونسپل کارپوریشن (کے ایم سی) کے ایوان میں موجود تھے

کراچی (نیوز رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ 15 جون کو بلدیاتی الیکشن کے بعد میئر کا انتخاب ہونے جا رہا ہے، پیپلز پارٹی میئر سے متعلق خوش فہمی میں مبتلا ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ کل ہمارے 63 لوگ کراچی میونسپل کارپوریشن (کے ایم سی) کے ایوان میں موجود تھے، ہمارے 193 لوگ ہی میئر کے انتخاب کے دن ایوان میں ہوں گے، امید ہے دیگر سیاسی جماعتیں بھی میئر کے انتخاب میں ساتھ دیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت وڈیرہ شاہی کو قائم رکھنا چاہتی ہے، پیپلز پارٹی کراچی کے لیے کچھ نہیں کرنا چاہتی، اس وقت ملک میں نئی نئی پارٹیاں وجود میں آ رہی ہیں، ان حالات میں کراچی کی مردم شماری کو غائب کر دیا گیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمن کا کہنا ہے کہ ماضی میں ایک پرچی دیکر کہا جاتا تھا کہ کراچی کی آبادی اتنی ہے، ایک کروڑ 91 لاکھ سے زائد کراچی کی آبادی بتائی جا رہی ہے جو کہ فراڈ ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم (بقیہ نمبر 58)

چترال: تراال: مسافر وین کھائی میں جا گری، 6 افراد جاں بحق، 19 زخمی

باغ: آزاد کشمیر: ایل اے 15 میں ضمنی الیکشن، پیپلز پارٹی کے سردار ضیاالقمر آ گئے

میثاق جمہوریت کی آڑ میں دھوکہ، لیاقت بلوچ نے حکمران اتحاد پی ڈی ایم کی دھجیاں اڑا دیں

ملتان (نیوز رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے ملکی سیاسی، معاشی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ملکی سیاست میں پنجاب کا اہم کردار ہے۔ ملکی نظام کے چلانے میں وہ لوگ ہیں جو خود گمراہ اور مفاد پرست ہیں، پاکستان (بقیہ نمبر 62)

ڈی ایس ریلوے کا فیصل آباد سٹیشن کا دورہ، سہولیات کا معائنہ

مسافروں کی خدمت، حفاظت اور سہولیات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد سفیان سرفراز ڈوگر نے افسران کے ہمراہ فیصل آباد ریلوے سٹیشن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سٹیشن پر مسافروں کو دی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈی ایس ریلوے نے سٹیشن پر ریزرویشن آفس، ویٹنگ رومز، پلیٹ فارمز، مختلف دفاتر سمیت وینڈنگ سٹالز پر صفائی ستھرائی، اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں سمیت اشیا کا معیار بھی چیک کیا۔ اس کے علاوہ ڈی ایس ریلوے نے مسافروں کیلئے پینے والے صاف پانی، مسافروں کیلئے بیٹھنے کے انتظامات (بقیہ نمبر 63)

20 جون تک فیصلے ہو جائینگے کہ سیاسی اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا، شیخ رشید

آصف زرداری نے کہا ہے الیکشن میں کرواں گا فضل الرحمٰن نے کہا الیکشن میں کرواں گا نواز شریف کہتا ہے لیول پلائنگ فیلڈ ہو گی تو الیکشن ہو گا

جتنی مرضی منصوبہ بندی کر لی جائے ہو گا وہی جو اللہ کو منظور ہو گا، آئین، قانون اور عوام کا کہیں ذکر نہیں، 9 مئی کے واقعہ کی ساری قوم مذمت کرتی ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) سربراہ عوامی مسلم لیگ و سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کا کہنا ہے کہ 20 جون تک اہم فیصلے ہو جائیں گے کہ سیاسی اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک بیان میں کہا کہ آصف زرداری نے کہا ہے الیکشن میں کرواں گا، فضل الرحمان نے کہا الیکشن میں کرواں گا، نواز شریف کہتے ہیں کہ لیول پلیئنگ فیلڈ ہو گی تو الیکشن ہو گا، 20 جون کو فیصلے ہو جائیں گے۔ آصف زرداری نے کہا ہے الیکشن میں کرواں گا فضل الرحمٰن نے کہا الیکشن میں کرواں گا نواز شریف کہتا ہے لیول پلائنگ فیلڈ ہو گی تو الیکشن ہو گا 20 جون تک اہم سیاسی فیصلے ہو جائیں گے کہ سیاسی اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا جتنی مرضی منصوبہ بندی کر لی جائے ہو گا وہی جو اللہ کو منظور ہو گا آئین قانون اور عوام کا کہیں ذکر نہیں انہوں نے کہا کہ منصوبہ سازوں نے زمینی حقائق سے آنکھیں بند کر رکھی ہیں، قوم اللہ اور عدلیہ کی طرف دیکھ رہی ہے، عالمی بینک نے پاکستان کی معاشی ترقی کا پوسٹ مارٹم (بقیہ نمبر 64)

اوکاڑہ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے غیر معیاری مشروبات کی تیاری ناکام بنا دی

90 لٹر مضر صحت جوس، 300 خالی بوتلیں 19 کلو مصنوعی مٹھاس ضبط

جعل سازی کرنے پر یونٹ مالکان کیخلاف مقدمہ درج، کارروائی شروع

اوکاڑہ (خبر نگار) اوکاڑہ عوام کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والے فوڈ اتھارٹی کے نشانے پر ہیں۔ تفصیلات کے مطابق فوڈ سیفٹی ٹیم نے اتفاق کالونی سٹریٹ نمبر 2 اوکاڑہ میں بیوریجز پلانٹ پر چھاپہ مارا۔ مصنوعی مٹھاس اور کیمیکلز کی ملاوٹ کر کے جعلی مشروبات تیار کی جا رہی تھیں۔ پیکنگ میٹریل کی گندی جگہ پر سٹوریج اور حشرات کی بھرمار پائی گئی۔ ضبط کیے گئے کیمیکلز سے مزید کئی لٹر مضر صحت جوس تیار کیا جانا تھا۔ جوس تیار کر کے اوکاڑہ اور مضافاتی علاقوں میں کریانہ سٹورز اور بیکریوں پر سپلائی کیا جانا تھا۔ مشروبات کے نام پر زہر بیچنے والے کسی صورت نہیں بچ سکتے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں چائلڈ لیبر کے خاتمے کا عالمی دن 12 جون کو منایا جائے گا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں چائلڈ لیبر کے خاتمے کا عالمی دن 12 جون کو منایا جائے گا جس کا مقصد نوعمر بچوں کو مشقت کی اذیتوں سے نجات دلا کر انہیں سکولوں کا راستہ دکھانا اور معاشرے کا مفید شہری بنانے کیلئے مدد مہیا کرنا ہے۔ چائلڈ لیبر کے خلاف عالمی (بقیہ نمبر 57)

ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دکاندار زخمی مختلف علاقوں میں متعدد وارداتیں

رائیونڈ، چوہنگ، کاہنہ (نیوز رپورٹر) ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دکاندار زخمی مختلف علاقوں میں متعدد وارداتیں، تھانہ چوہنگ میں نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے ایل پی جی شاپ سے 40 ہزار روپے لوٹ کر فرار، مزاحمت کرنے پر علی کو فائر کر کے زخمی کر دیا، رائیونڈ میں رانا اور کاہنہ میں عمر یوسف سے (بقیہ نمبر 65)

جعلی پولیس افسر بن کر آئی جی سے ملاقات کیلئے آنے والی خاتون کو گرفتار کر لیا گیا

خاتون شیخوپورہ کی رہائشی ہیں جو گیٹ پر آئی جی سے ملاقات کا بتا کر اندر داخل ہوئیں

چوہنگ (جنرل رپورٹر) جعلی پولیس افسر بن کر آئی جی سے ملاقات کیلئے آنے والی خاتون کو گرفتار کر لیا گیا، خاتون شیخوپورہ کی رہائشی ہیں جو گیٹ پر آئی جی سے ملاقات کا بتا کر اندر داخل ہوئیں، انہوں نے پوسٹنگ کیلئے ملاقات کا سکیورٹی حکام کو آگاہ کیا، تفصیلات کے مطابق خاتون کے ساتھ تین مرد تھے جن سے اسلحہ برآمد کر لیا گیا، خاتون اور تین مرد اعلیٰ افسران کے کمروں تک پہنچ گئے تھے (بقیہ نمبر 66)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035